

# تاریخ اسلام کے فدائی دستے

کتاب وسنت اور تاریخ کی روشنی میں

www.KitaboSunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

## معزز قارئین توجہ فرمائیں!

**کتاب وسنت ڈاٹ کام** پر دستیاب تمام الیکٹرانک کتب ..........

- عام قاری کے مطالعے کے لیے ہیں۔
- مجلس التحقیق الاسلامی کے علمائے کرام کی باقاعدہ تصدیق واجازت کے بعد اپ لوڈ (Upload) کی جاتی ہیں۔
- دعوتی مقاصد کی خاطر ڈاؤن لوڈ، پرنٹ، فوٹوکاپی اور الیکٹرانک ذرائع سے محض مندرجات نشرواشاعت کی مکمل اجازت ہے۔

## ☆ تنبیہ ☆

- کسی بھی کتاب کو تجارتی یا مادی نفع کے حصول کی خاطر استعمال کرنے کی ممانعت ہے۔
- ان کتب کو تجارتی یا دیگر مادی مقاصد کے لیے استعمال کرنا اخلاقی، قانونی و شرعی جرم ہے۔

**﴿اسلامی تعلیمات پر مشتمل کتب متعلقہ ناشرین سے خرید کر تبلیغ دین کی کاوشوں میں بھرپور شرکت اختیار کریں﴾**

- نشرواشاعت، کتب کی خرید وفروخت اور کتب کے استعمال سے متعلقہ کسی بھی قسم کی معلومات کے لیے رابطہ فرمائیں۔

kitabosunnat@gmail.com

www.KitaboSunnat.com

www.kitabosunnat.com

بسم اللہ الرحمن الرحیم

# تاریخ اسلام

## کے فدائی دستے

پروفیسر حافظ عبدالرحمٰن مکی

شعبہ نشر و اشاعت
دارالاندلس
4 لیک روڈ چوبرجی، لاہور، پاکستان
فون: 7231106-7240940

محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

جملہ حقوق بحق ناشر محفوظ ہیں

نام کتاب ——— تاریخ اسلام کے فدائی دستے

تالیف ——— پروفیسر حافظ عبدالرحمٰن مکی

اشاعت اول ——— اکتوبر 2003ء

ناشر ——— دارالاندلس

ملنے کا پتہ

دارالاندلس

مرکز القادسیہ 4 لیک روڈ چوبرجی لاہور

فون: 7231106-7230549

www.kitabosunnat.com



# مقدمہ

اَلْحَمْدُ لِلّٰہِ رَبِّ الْعَالَمِیْنَ وَالصَّلٰوۃُ وَالسَّلَامُ عَلٰی اَشْرَفِ الْاَنْبِیَاءِ وَالْمُرْسَلِیْنَ وَ بَعْد!!

1999ء کی بات ہے مجاہدین کارگل و دراس کی چوٹیوں سے دشمن کی صفوں کو تتر بتر کررہے تھے۔ چالیس ہزار ہندو فوج ان کے گھیرے میں تھی۔ قریب تھا کہ 1971ء کی پسپائی کا خوب بدلا لیا جاتا کہ اچانک یہ خبر سننے کو ملی کہ وزیراعظم پاکستان امریکہ کی میز پر جیتی ہوئی جنگ ہار آئے ہیں۔ پاک فوج کی واپسی کا اعلان ہوا۔ جہاد سے محبت رکھنے والوں کے حوصلے پست ہوئے۔ کشمیری، جو اپنی صبح آزادی طلوع ہوتے ہوئے دیکھ رہے تھے گہری تاریکی میں چلے گئے۔ ایک مرتبہ پھر ہزاروں شہداء کے خون سے غداری کی تاریخ رقم ہوئی۔ لوگ کہنا شروع ہوگئے کہ کشمیر کاز کو اتنا دھچکہ لگا ہے۔ کہ اب شائد یہ کھڑا نہ ہو پائے۔

اسی اثنا میں رب تعالیٰ کی نصرت شامل حال ہوئی۔ جلال پور پیروالا ملتان سے تعلق رکھنے والے اپنے بندے حافظ محمد اکمل کو توفیق دی۔ وہ آگے بڑھا، بانڈی پورہ کے بریگیڈ ہیڈ کوارٹر میں داخل ہوا۔ بریگیڈئر چکر وتی سمیت درجنوں فوجیوں کو جہنم رسید کیا۔ ناقابل تسخیر ہونے کے نتیجہ میں انڈین آرمی نے پوری بلڈنگ کو بارود سے اڑا دیا۔ اس نے اپنا وجود تو ٹکڑے ٹکڑے کروا لیا لیکن امت مسلمہ کے مظلوم طبقہ کے لیے فدائیت کا ایسا راستہ کھل گیا کہ جس سے آنے والے وقت میں



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


دنیا کی سپر پاوروں کو سامنا کرنا تھا۔ ایک ہفتہ بعد ایک دوسرے ہیڈ کوارٹر میں فدائی کاروائی اور پھر مجاہدین کے عالمی اجتماع کے موقعہ بادامی باغ کور ہیڈ کوارٹر پر عدیم المثال یلغار، حتیٰ کہ دہلی کے لال قلعہ تک فدائیوں کی ہیبت سے لرزہ براندام ہونے لگے اور پھر پوری دنیا میں گوریلا وار کا فدائی انداز جاری ہوگیا۔ ایک طرف مظلوموں کے سینے ٹھنڈے ہوئے تو دوسری طرف سابقہ روایات کے عین مطابق اشکال زدہ لوگوں نے طرح طرح کے اعتراضات کرنا شروع کر دیے۔ یہ تو خود کشی ہے، یہ اپنے آپ کو ہلاک کرنا ہے، یہ حرام کی موت ہے وغیرہ وغیرہ۔

اب ضرورت تھی کہ شرعی دلائل اور تاریخی حقائق سے اس کی وضاحت کی جاتی، اللہ جزائے خیر عطا فرمائے محترم حافظ عبدالرحمٰن مکی حفظہ اللہ تعالیٰ کو، کہ انہوں نے یہ فریضہ سرانجام دیا اور ''تاریخ اسلام کے فدائی دستے'' کتاب وسنت اور تاریخ اسلام سے باقاعدہ دلائل کے ساتھ ثابت کئے۔ مجلّہ الدعوۃ نے اسے شائع کرنے کا اہتمام کیا۔ اس میں بعد میں رقم نے کچھ واقعات ''جو صحیح احادیث میں صحابہ کرام کے موجود تھے'' کا اضافہ کیا، اور اب افادۂ عام کے لیے اسے ''دارالاندلس'' کی طرف سے شائع کرنے کا اہتمام کیا گیا ہے۔

اللہ تعالیٰ اسے شرف قبولیت سے نوازے اور امت مسلمہ کو دین پر فدا ہونے کی توفیق دے، تاکہ کفر کا منہ کالا اور اسلام کا بول بالا ہو۔ آمین

آپ کا بھائی!
محمد سیف اللہ خالد
مدیر ''دارالاندلس''


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


# تاریخ اسلام کے فدائی دستے

کتاب وسنت اور تاریخ کی روشنی میں ایک تحقیق آفریں جائزہ


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


بسم اللہ الرحمن الرحیم

اللہ رب العزت نے امت مسلمہ پر بے پناہ انعامات واحسانات کئے ہیں۔انہی احسانات میں سے ایک عظیم احسان فرضیت جہاد وقتال ہے۔مسلم امہ پر اللہ تعالی نے جہاد کو دائمی طور پر فرض کردیا ہے۔چنانچہ فرمایا:

﴿ كُتِبَ عَلَيْكُمُ الْقِتَالُ وَهُوَ كُرْهٌ لَّكُمْ وَعَسٰى اَنْ تَكْرَهُوْا شَيْئًا وَّهُوَ خَيْرٌ لَّكُمْ وَعَسٰى اَنْ تُحِبُّوْا شَيْئًا وَّهُوَ شَرٌّ لَّكُمْ وَاللّٰهُ يَعْلَمُ وَاَنْتُمْ لَا تَعْلَمُوْنَ ﴾

(البقرہ:٢١٦)

''اورتم پر کافروں سے لڑنا فرض کیا گیا ہے اور وہ تم کو برا لگے گا اور ایسا بھی ہوسکتا ہے کہ ایک چیز جو تمہیں بری لگے لیکن تمہارے حق میں وہ بہتر ہو اور ایک چیز تمہیں اچھی لگے لیکن وہ تمہارے


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


لئے بری ہو۔ اللہ جانتا ہے تم نہیں جانتے۔''

ہر حال اور ہر شکل میں جہاد کو جاری رکھنے کے لئے فرمایا:

﴿ اِنۡفِرُوۡا خِفَافًا وَّثِقَالًا وَّجَاهِدُوۡا بِاَمۡوَالِكُمۡ وَاَنۡفُسِكُمۡ فِىۡ سَبِيۡلِ اللّٰهِ ذٰلِكُمۡ خَيۡرٌ لَّكُمۡ اِنۡ كُنۡتُمۡ تَعۡلَمُوۡنَ ﴾
(التوبة:٤١)

''نکلو ہلکے ہو یا بھاری اور جہاد کرو اپنے مال وجان کے ساتھ یہ بہتر ہے تمہارے لئے اگر تم جانتے ہو۔''

تمام اطراف واکناف عالم میں، پوری دنیا میں، ہر دشمن اسلام کے خلاف، ہر منکر وکافر کے خلاف، ہر براعظم اور برصغیر میں جہاد کے لئے حکم دیتے ہوئے فرمایا:

﴿ قَاتِلُوا الَّذِيۡنَ لَا يُؤۡمِنُوۡنَ بِاللّٰهِ وَلَا بِالۡيَوۡمِ الۡاٰخِرِ وَلَا يُحَرِّمُوۡنَ مَا حَرَّمَ اللّٰهُ وَرَسُوۡلُهٗ وَلَا يَدِيۡنُوۡنَ دِيۡنَ الۡحَقِّ مِنَ الَّذِيۡنَ اُوۡتُوا الۡكِتٰبَ حَتّٰى يُعۡطُوا الۡجِزۡيَةَ عَنۡ يَّدٍ وَّهُمۡ صٰغِرُوۡنَ ﴾ (التوبہ۔٢٩)

''لڑائی کرو ان لوگوں سے جو اللہ کے ساتھ ایمان نہیں لاتے اور نہ ہی آخرت کے ساتھ اور اللہ اور اس کے رسول نے جو حرام قرار دیا' اسے حرام نہیں مانتے اور سچے دین کو قبول نہیں کرتے' ان


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



لوگوں میں سے جو کتاب دیئے گئے ہیں یہاں تک (قتال کرو) کہ وہ اپنے ہاتھ سے جزیہ ادا کریں اور اس حال میں کہ وہ ذلیل ہوں۔''

اور فرمایا:

﴿ وَقَاتِلُوهُمْ حَتّٰى لَا تَكُونَ فِتْنَةٌ وَيَكُونَ الدِّيْنُ كُلُّهٗ لِلّٰهِ ﴾ (الانفال۔ ۳۹)

''اور ان سے قتال کرو یہاں تک کہ فتنہ نہ رہے اور دین سارے کا سارا اللہ کے لئے ہو جائے۔''

پوری دنیائے کفر کا خاتمہ اور غلبہ اسلام کا حصول وہ اعلیٰ وارفع مقصد ہے جس کے حصول کے لئے اللہ رب العزت نے امت محمد ﷺ پر جہاد فرض قرار دیا اور اسے اتنا اونچا نصب کردیا کہ (( ذِرْوَةُ سَنَامِ الْإِسْلَامِ )) ''اسلام کی چوٹی'' قرار دیا۔ اور ((اَحَبُّ الْأَعْمَالِ)) میں سے قرار پایا گو کہ بظاہر اس میں قتل نفس اور تلف اموال ہے مگر اسی سے امت محمد ﷺ کی حیات وبقا ہے اور اسی سے دعوت محمد ﷺ کی آفاقیت وعالمیت قائم ہے۔ اقوام عالم کو مختلف دعوات باطلہ کے قبضہ (Clutch) سے نکال کر ایک توحیدی جھنڈے تلے جمع کرنا' ایک اللہ کی عبادت کروانا' ایک قرآن کو



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


ساری دنیا کا دستور، نظام منوانا' ایک کلمہ پر اکٹھا کرنا اسی سے ممکن ہے چنانچہ فرمایا:

(( أُمِرْتُ أَنْ أُقَاتِلَ النَّاسَ حَتَّى يَشْهَدُوا أَنْ لَا إِلَهَ إِلَّا اللّٰهُ وَ أَنَّ مُحَمَّدًا رَّسُولُ اللّٰهِ ))

[ صحيح بخارى، كتاب الايمان، باب فان تابو اوأقاموالصلوٰة وآتو الزكوٰة فخلوا سبيلهم ]

"مجھے حکم دیا گیا کہ میں لوگوں سے قتال کروں یہاں تک کہ لوگ گواہی دیں کہ اللہ کے سوا کوئی معبود نہیں اور محمد ﷺ اللہ کے رسول ہیں۔"

(( بُعِثْتُ بَيْنَ يَدَيِ السَّاعَةِ بِالسَّيْفِ حَتَّى يُعبَدَ اللّٰهُ وَحْدَهٗ )) [مسند احمد : ۲/ ۵۰]

"قیامت تک کے لئے مجھے تلوار کے ساتھ بھیجا گیا ہے یہاں تک کہ ایک اللہ کی عبادت کی جائے۔"

اسلام نے جہاد وقتال کی فرضیت کے حکم اور اس کی آیات کے نزول پر ہی اکتفا نہیں کیا بلکہ اللہ تعالیٰ نے اس حکم جمیل پر عمل کو آسان تر کرنے کے لئے اور انسان کے اندر اس کی رغبت وشوق پیدا کرنے کے لئے اس پر بہت زور صرف کیا۔ باقاعدہ تربیت (Coaching) فرمائی۔ نبی ﷺ کو


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


الگ اس کی ذات میں جہاد کا پابند کر دیا۔ فرمایا:

﴿ فَقَاتِلْ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ وَحَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَسَى اللّٰهُ اَنْ يَّكُفَّ بَاْسَ الَّذِيْنَ كَفَرُوْا وَاللّٰهُ اَشَدُّ بَاْسًا وَّاَشَدُّ تَنْكِيْلًا ﴾ (النساء: ۸٤)

”(اے نبی ﷺ) تو اللہ کی راہ میں جہاد کرتا رہ! آپ تو صرف اپنی جان کے مکلّف ہیں۔ ہاں ایمان والوں کو رغبت بھی دلاؤ۔ قریب ہے کہ اللہ کافروں کی لڑائی کو بند کر دے۔ اور اللہ لڑائی کے اعتبار سے بہت سخت ہے اور سزا کے لحاظ سے بہت سخت ہے۔“

امت کو الگ حکم کے تحت پابند کر دیا:

﴿ يٰٓاَيُّهَا الَّذِيْنَ اٰمَنُوْا خُذُوْا حِذْرَكُمْ فَانْفِرُوْا ثُبَاتٍ اَوِ انْفِرُوْا جَمِيْعًا ﴾ (النساء: ۷۱)

”اے اہل ایمان اپنا بچاؤ اختیار کرو اور نکلو اللہ کی راہ میں' گروہوں کی شکل میں یا سبھی اکٹھے ہو کر۔“

﴿ وَمَا لَكُمْ لَا تُقَاتِلُوْنَ فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَالْمُسْتَضْعَفِيْنَ مِنَ الرِّجَالِ وَالنِّسَآءِ وَالْوِلْدَانِ الَّذِيْنَ يَقُوْلُوْنَ رَبَّنَا اَخْرِجْنَا مِنْ هٰذِهِ الْقَرْيَةِ الظَّالِمِ اَهْلُهَا وَّاجْعَلْ لَّنَا مِنْ


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



لَّدُنكَ وَلِيًّا وَاجْعَل لَّنَا مِن لَّدُنكَ نَصِيرًا ﴾ (النساء: ٧٥)

''اور تمہیں کیا ہو گیا کہ تم اللہ کی راہ میں لڑتے ہی نہیں ہو اور کمزور مردوں عورتوں اور بچوں کیلئے (کیوں نہیں لڑتے) جو کہتے ہیں اے ہمارے رب ہمیں اس بستی سے نکال جس کے رہنے والے ظالم ہیں اور ہمارے لئے اپنے پاس سے کوئی دوست بنا اور کسی کو ہماری مدد پر مقرر فرما۔''

گویا اللہ نے جہاد کے لئے ہر طبقہ اور ہر زمانہ کے مسلمانوں کو پابند ٹھہرایا۔ ہر رشتہ اور ہر تعلق کو جہاد پر قربان کر دینے کا سبق دیا۔ خوب خوب واضح کیا کہ مسلمانوں کی نسلوں اور فصلوں کی بڑھوتی جہاد میں ہے۔ اس حقیقت کو پر زور طریقہ پر ثابت کیا کہ مسلمانوں کی عزتوں اور حرمتوں کا محافظ جہاد ہے۔ مسلمانوں کی سرحدات کا تحفظ جہاد میں ہے۔ مسلمانوں کی آزادیوں کی ضمانت جہاد میں ہے۔ ان کی حکومتوں، خلافتوں کا استحکام جہاد میں ہے۔ ان کے معاہدات و مواثیق کا احترام جہاد میں ہے۔ ان کے دشمنوں کی سازشوں اور یلغاروں کا توڑ جہاد میں ہے' ان کی عزت کی زندگی جہاد میں ہے۔ اور یہ کہ ان کا رزق' معیشت و معاش ان کے نیزے کے چوڑے پھل میں ہے اور ان کی دھاک ان کی تلوار میں ہے۔ توحید و تلوار کا یہ سنگم' وار و یلغار کا یہ امتزاج دعوت محمدیہ ﷺ کے ایک ایک دن سے اور ایک ایک



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


معرکہ سے مترشح ہے۔ اس انداز پر صحابہ کرام رضی اللہ عنہم کی تربیت ہوئی ہے۔ مدینہ منورہ کے پیروجوان اس ردھم پر پلے بڑھے ہیں' زندگی کی بے ثباتی کا یقین' جنتوں کا شوق' اللہ تعالیٰ کی رضا کا حصول' اسلام کے دشمنوں اور ان کی عسکری قوتوں کا خاتمہ کرنا اور علم توحید کو کرہ ارض پر لہرا دینے کا عزم انہیں شہادتوں کا دیوانہ کئے رکھتا ہے۔

اسی پر اکتفا نہیں بلکہ اسلام نے جہاد وقتال کی تحریض وترغیب کے لئے ہر ایک اسلوب و پیرایہ استعمال کیا۔ اللہ نے اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کو باقاعدہ حکم دیا۔

﴿ يَآ أَيُّهَا النَّبِيُّ حَرِّضِ الْمُؤْمِنِيْنَ عَلَى الْقِتَالِ ﴾

(الانفال:٦٥)

''اے نبی مومنوں کو قتال پر ابھارو۔''

اس بے پناہ تحریض وترغیب اور تعلیم وتربیت سے مسلمانوں کے اندر نکھار پیدا ہوا۔ وہ اولوالعزمی کی طرف بڑھے۔ بڑے سے بڑا دشمن ان کو اپنی نگاہ میں حقیر وصغیر لگنے لگا۔ بڑے بڑے اھداف چھوٹے چھوٹے بن گئے۔ زمین کی ساری وسعتیں اور فاصلے ان کے گھوڑوں کے قدموں تلے سمٹ سکڑ گئے۔ مشرق مغرب سے اور شمال جنوب سے مل گئے۔ ہر طرف اسلام ہی اسلام ہوا۔ دو طرح کے مسلمان اور جہادی کردار ابھر کر سامنے آئے۔ عام


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


جہادی مسلمان جو ہر وقت عمومی جہاد کے جذبہ سے سرشار' مستعد وتیار اور ﴿ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ﴾ (البقرہ: ۲۰۷) اللہ کے فدائی شعار کے تحت سپیشل ٹاسک فورس (S.T.F) کے پر عزم پہاڑ' دین اسلام پر دیوانہ وار فدا ہونے اور ہر وقت بڑے سے بڑے دشمن کو زیر کرنے اور بہادری کے نشہ سے چور' جوان فدائی دستے۔ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى ...... یہ اور اسی جیسی دوسری آیات نے خاص لوگ کھڑے کر دیئے جو دنیا اور اس کی محبتوں' رغبتوں کو خاطر میں نہ لاتے ہوئے ہر وقت اپنے نبی مکرم ﷺ کے پیارے ہونٹوں کی حرکت پر متوجہ رہتے کہ کب آواز آئے مَنْ لِىْ لِفُلَانٍ؟ کون ہے جو میرے لئے یہ کام کرے؟ تو وہ لپک کر اٹھیں اور ہدف مطلوب پر ٹوٹ پڑیں۔ دشمن، کافر' مشرک کو جا پکڑیں' حکم پر عمل کر ڈالیں' ہدف کو حاصل کریں۔ مشن کو مکمل کریں چاہے وہ اس میں قربان ہو جائیں یا اللہ ان کو محفوظ رکھے۔ اس کی مرضی۔ اس کی قطعاً پرواہ نہ ہو۔ بس جان فدا'' اسلام پر فدا' حکم نبوی ﷺ پر فدا' عقیدہ توحید پر فدا' کلمہ لا اله الا الله پر فدا' شعوری طور پر علم وعقل' فہم وادراک کے ساتھ فدا' قومیت وعصبیت یا اپنی شجاعت وبہادری پر نہیں' صرف اور صرف اللہ کے دین پر فدا' آج لشکر طیبہ نے اپنی فدائی کارروائیوں سے اسی عہد کو پھر سے تازہ کیا ہے۔ مثالوں کو دہرایا ہے۔ بقائے دنیوی کی کوئی رغبت ان کے دل میں قطعاً تھی


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


ہی نہیں۔ دشمن کا خوف ان کے قریب نہیں پھٹکتا تھا۔ اسلام کے صدر اول سے ہی ہمیں یہ فدائی لوگ ممتاز و منفرد شان والے نظر آتے ہیں۔ ہجرت تو سبھی صحابہ رضی اللہ عنہم فرما رہے تھے مگر صہیب بن سنان رومی رضی اللہ عنہ کی ہجرت کی عجیب شان ہے۔ سفر ہجرت کو چلے تو کفار مکہ نے راستہ میں آن لیا اور راہ روک کر کھڑے ہو گئے۔ بہت زیادہ لوگ' یہ تن تنہا مگر شان فدائی کی عجیب کیفیت۔ فوراً اپنی سواری سے اتر پڑے۔ ترکش کے تیر سامنے ڈھیر کر لئے۔ کمان پر چلہ چڑھایا اور اپنے سے کئی گنا زیادہ عدد والے دشمن کو للکارا' کہنے لگا:

« لَقَدْ عَلِمْتُمْ اِنِّی مِنْ اَرْمَاكُمْ وَاَیْمَ اللّٰهِ لَاتَصِلُوْنَ اِلَیَّ حَتّٰی اَرْمِیْكُمْ بِكُلِّ سَهْمٍ فِی كِنَانَتِی' ثُمَّ اَضْرِبُ بِسَیْفِی مَابَقِیَ فِی یَدِی مِنْهُ شَیْءٌ ثُمَّ افْعَلُوْا مَا شِئْتُمْ بَعْدَ ذٰلِكَ »

''تم اچھی طرح جانتے ہو کہ میں تم میں سب سے اچھا تیر انداز ہوں اور مجھے اللہ کی قسم ہے' جتنے میرے پاس تیر ہیں' اتنے تمہارے آدمی ماروں گا۔ اس کے بعد ہی تم مجھ تک پہنچ سکتے ہو اور پھر میں اپنی تلوار جب تک چلا سکا' تم کو کاٹونگا' پھر اس کے بعد تم جو چاہے کرو مجھے پروا نہیں۔''


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


اب کافر لگے بغلیں جھانکنے' پھر سوچ کر کہنے لگے کہ تم اپنا مال جو مکہ میں ہے' ہمیں دے دو اور چلے جاؤ۔ تو فدائی صہیب نے مال ان کو بتلا دیا کہ جاؤ لے لو اور مدینہ کی راہ لی۔ جب مدینہ منورہ پہنچے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا (( رَبِحَ الْبَيْعُ اَبَا يَحْيىٰ )) یعنی ابویحییٰ کا سودا کامیاب رہا اور یہ آیت تلاوت فرمائی:

﴿ وَمِنَ النَّاسِ مَنۡ يَّشۡرِىۡ نَفۡسَهُ ابۡتِغَآءَ مَرۡضَاتِ اللّٰهِ ﴾

(البقرہ : ۲۰۷)

''لوگوں میں ایسے بھی ہیں جو اللہ کی رضا کے لئے اپنی جانوں کو بیچ دیتے ہیں۔''

جمہور علماء کے نزدیک یہ آیت صہیب بن سنان فدائی رضی اللہ عنہ کی شان میں اتری۔ جیسے جیسے اسلام کا دائرہ وسیع ہو رہا تھا' جہاد زور پکڑ رہا تھا۔ مگر چونکہ مسلمان عدد میں قلیل اور قوت میں کم تھے۔ فوری زیادہ وسائل نہ تھے مگر چیلنجز بڑے بڑے درپیش تھے۔ سازشی لوگ اپنا خفیہ رول کھیل رہے تھے۔ سردار فوجیں جمع کر رہے تھے۔ حکومتیں پر تول رہی تھیں۔ نبی ﷺ اپنے تئیں ہر تدبیر کام میں لا رہے تھے مگر ان تمام تدابیر میں مفید ترین تدبیر فدائی صحابہ تھے جو بڑے سے بڑے نتائج اپنی فدائی کارروائیوں سے لا رہے تھے۔ آج کے دور کے محتاط مسلمان تو اس لذت سے آشنا ہی نہیں جو


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


ایک فدائی اس وقت محسوس کرتا ہے جب کہ وہ اکیلا تن تنہا دشمن کے لشکر میں دلیرانہ گھس کر پے در پے حملے کرتا' دشمن کو گھائل کرتا اور اپنی جنت کو تلاش کرتا ہے۔ بلکہ اس کے برخلاف آج تو یہ ذہن عموماً پایا جاتا ہے کہ ایسا عمل یا ایسی کارروائی اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہے۔ یا خودکشی ہے یا Suicidal mission ہے۔ اور پھر اس پر تنقید وتردید کے انبار وطومار ہیں۔ عدم جواز کے فتویٰ ہیں۔ اس کو مسترد Condemn کہا جاتا ہے۔ اور پھر بالآخر کفار کے سامنے سرنگوں ہو کر جینا اور ذلت ومذلت کو قبول کرنا پڑتا ہے۔

نہایت افسوس کی بات تو یہ ہے کہ آج بعض لوگ بھی اس غلط فہمی کا شکار ہو کر فدائی عمل کی مخالفت اور عدم جواز کی بات کرتے ہیں جبکہ شباب آج بھی میدان جہاد میں اسی شان فداویہ کو زندہ کر رہے ہیں۔ اور ایام صحابہ کی یاد تازہ کر رہے ہیں۔ لشکر طیبہ کے فدائی جوان اور ہندو فوج کے خلاف ان کی فدائی کارروائیاں سلمۃ بن الاکوع اور محمد بن مسلمہ جیسے مجاہدین صحابہ کرام کی شجاعت وبسالت کے واقعات کو پھر سے تازہ کر رہے ہیں۔ فضیلت والی بات تو یہ ہے کہ فدائی جب اپنی جان کا نذرانہ پیش کرتا ہے تو رب تعالیٰ مسکرا دیتا ہے۔

« عَنْ يَحْيَى بْنِ أَبِي كَثِيرٍ قَالَ: قَالَ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ :
أَفْضَلُ الشُّهَدَآءِ الَّذِيْنَ يَلْقُوْنَ فِي الصَّفِّ فَلَا يَلْتَفِتُوْنَ


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


وُجُوهَهُمْ حَتّٰى يُقْتَلُوْا، أُوْلٰئِكَ يَتَلَبَّطُوْنَ فِي الْغُرَفِ الْعُلَا مِنَ الْجَنَّةِ، يَضْحَكُ اِلَيْهِمْ رَبُّكَ، اِنَّ إِذَا رَبَّكَ ضَحِكَ اِلىٰ قَوْمٍ فَلَا حِسَابَ عَلَيْهِمْ))

[كتاب الجهاد لابن مبارك، مسند احمد : ۲۸۷/۵، مسند ابو يعلى ۲۵۸/۱۲، رقم: ٦٨٥٥ ]

حضرت یحییٰ بن ابی کثیر رحمۃ اللہ علیہ کہتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: اللہ تعالیٰ کے افضل شہداء وہ ہوتے ہیں جو (دشمن کے مقابلہ میں) صف میں کھڑے ڈٹ کر لڑتے ہیں (چہروں کو) پیچھے متوجہ ہی نہیں کرتے حتی کہ وہ شہید ہو جاتے ہیں۔ یہ جنت کے بالا خانوں میں دادِعیش دے رہے ہوتے ہیں۔ تیرا رب ان کی طرف دیکھ کر مسکرا دیتا ہے۔ اور تیرا رب جب کسی قوم کی طرف دیکھ کر ہنس دے تو ان پر حساب و کتاب نہیں ہوتا۔

(( قَالَ مُعَاذُ بْنُ عَفْرَاءَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ مَا يُضْحِكُ الرَّبَّ مِنْ عَبْدِهِ؟ قَالَ غَمْسُهُ يَدَهُ فِي الْعَدُوِّ حَاسِراً، قَالَ: فَأَلْقىٰ دِرْعًا كَانَتْ عَلَيْهِ وَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ ))

[مصنف ابن ابی شیبة ۳۳۸/۵، البداية والنهاية ۲۷۱/۳]


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


حضرت معاذ بن عفراء رضی اللہ عنہ نے عرض کی یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم ! اللہ تعالیٰ اپنے بندے کی کس ادا پر مسکراتا ہے فرمایا'' ننگے بدن اپنے ہاتھ دشمن میں ڈال دے۔ یہ سن کر معاذ بن عفراء نے اپنی زرہ اتار پھینکی اور لڑتے رہے حتی کہ شہید ہو گئے۔

آیئے اس سلسلے میں فدائی کارروائیوں کی صورتیں ملاحظہ کریں۔

(۱) فدائی اپنے آپ کو خطرات میں ڈال کر دشمن کے لشکر میں گھس جائے۔

(۲) اکیلا شخص بہت طاقتور اور بہت زیادہ عدد والے دشمن پر حملہ کردے' ٹوٹ پڑے اس طرح سے کہ اس کی اپنی موت یقینی نظر آ رہی ہو۔

(۳) دشمن کو شدید نقصان پہنچانے کی غرض سے اس پر حملہ کر دے۔

(۴) صرف اپنی شہادت کو ہدف بنا کر دشمن سے بھڑ جائے اور لڑتا رہے تا کہ دشمن اسے قتل کر دے اور وہ شہید ہو جائے۔

(۵) اپنی کسی ایسی ادا کو دکھائے کہ اس سے اس کا رب راضی ہو جائے۔

(۶) جہاد سے پیچھے رہ جانے کے کفارہ میں بے جگری سے لڑتا ہوا گھستا ہی چلا جائے اور اپنی شہادت سے کم پر نہ ٹلے' نہ راضی ہو۔

یہ اور اس قسم کی بے شمار صورتیں فداویہ کہلاتی ہیں۔ اور اس کی مثالیں عہد صحابہ رضی اللہ عنہم میں تواتر سے موجود ہیں۔ ہم ایک ایک کر کے ان کا تجزیہ پیش کرتے ہیں۔


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


## تاریخ اسلام کی سب سے پہلی فدائی کاروائی:

《 قَالَ عَبْدُالرَّحمٰنِ بْنُ عَوْفٍ اِنِّی لَفِی الصَّفِّ يَوْمَ بَدْرٍ اِذِ الْتَفَتُّ فَاِذَا عَنْ يَّمِيْنِیْ وَعَنْ يَّسَارِی فَتيَان حَدِيْثَا السِّنِّ فَكَأَنِّیْ لَمْ آمَنْ بِمَكَانِهِمَا، اِذْ قَالَ لِی أَحَدُهُمَا سِرًّا مِن صَاحِبِهِ يَا عَمِّ أَرِنِیْ أَبَا جَهْلٍ، فَقُلْتُ يَابْنَ أَخِیْ وَمَا تَصْنَعُ بِهِ؟ قَال: عَاهَدتُّ اللّٰهَ اِنْ رَأَيْتُهُ أَنْ أَقْتُلَهُ أَوْ أَمُوْتَ دُوْنَهُ فَقَالَ لِیْ الْآخَرُ سِرًّا مِن صَاحِبِهٖ مِثْلَهُ قَالَ: فَمَا سَرَّنِیْ أَنِّی بَيْنَ رَجُلَيْنِ مَكَانَهُمَا فَأَشَرْتُ لَهُمَا اِلَيْهِ فَشَدَّا عَلَيْهِ مِثْلَ الصَقْرَيْنِ حَتّٰى ضَرَبَاهُ، وَهُمَا ابْنَا عَفْرَاءَ》 [بخاری کتاب المغازی ۳۹۸۸]

حضرت عبدالرحمٰن بن عوف رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میں جنگ بدر میں مجاہدین کی صف میں کھڑا تھا۔ جب میں نے اپنے دائیں اور بائیں طرف توجہ کی تو دونوں طرف کم عمر انصاری نوجوانوں کو دیکھا۔ اور ان کا دائیں بائیں ہونا مجھے پسند نہ آیا۔ اچانک ان میں سے ایک نے اس طرح کہ دوسرے ساتھی کو پتہ نہ چلے مجھ سے کہا: ''چچا جان! مجھے ابوجہل دکھا دو۔'' میں نے پوچھا: ''بھتیجے!


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


تم اس کا کیا کرو گے؟ کہنے لگا میں نے اللہ سے عہد کر رکھا ہے کہ اگر میں اس کو دیکھ لوں گا تو اسے قتل کر دوں گا چاہے اس کوشش میں میری جان ہی کیوں نہ چلی جائے۔

پھر دوسرے نے بھی اسی طرح کہ اس کے ساتھی پر ظاہر نہ ہو مجھ سے یہی پوچھا حضرت عبدالرحمٰن فرماتے ہیں کہ پھر تو مجھے ان دونوں کے علاوہ کسی دوسرے کے درمیان ہونا بالکل پسند نہ آیا اور میں نے ان دونوں کو اشارہ سے ابوجہل دکھا دیا یہ دونوں ابوجہل کی طرف دو عقابوں کی طرح جھپٹے اور اسے قتل کر دیا۔ یہ دونوں حضرت عفراء رضی اللہ عنہا کے بیٹے تھے۔

## سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ کی کاروائی:

صحیح مسلم میں سلمہ بن اکوع سے روایت ہے' کہتے ہیں کہ حدیبیہ کے دنوں کی بات ہے۔ ہم رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ مدینہ منورہ کو آ رہے تھے کہ میں اور رباح رضی اللہ عنہ جو کہ نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے غلام تھے۔ ہم دونوں آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی سواریوں کے یعنی اونٹوں کے ساتھ نکلے۔ میرے پاس طلحہ بن عبید اللہ کا گھوڑا تھا۔ میں اس پر اونٹوں کے ساتھ چل رہا تھا۔ ابھی اندھیرا ہی تھا کہ عبدالرحمٰن بن عیینہ نے نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے اونٹوں پر حملہ کر دیا۔ چرواہے کو قتل


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کردیا اور اونٹوں کو اپنے گھڑ سوار دستہ کے ہمراہ ہانک لیا اور بھاگ کھڑے ہوئے۔ سلمہ بن اکوع کہتے ہیں' میں نے رباح سے کہا کہ اس گھوڑے پر بیٹھ جاؤ۔ اسے طلحہ بن عبید اللہ کے سپرد کردو اور نبی کریم ﷺ کو خبر کردو کہ آپ کے جانوروں اونٹوں پر حملہ ہوگیا ہے۔ خود میں ایک ٹیلہ پر چڑھا۔ مدینہ منورہ کی طرف منہ کرکے زور سے تین مرتبہ آواز لگائی یَا صَبَاحَاہُ یَا صَبَاحَاہُ یَا صَبَاحَاہُ ۔ یہ کرنے کے بعد میں نے اس قوم کا تعاقب کیا۔ میرے پاس تلوار اور تیر تھے۔ میں نے تیروں سے ان کو نشانہ بنانا شروع کیا۔ اور ان کے گھوڑوں کو زخمی کرنے لگا۔ جہاں مجھے درختوں کا جھنڈ ملتا 'وہیں سے میں ان کو نشانہ بناتا اور حملہ کرتا۔ جب بھی کوئی گھڑ سوار میری طرف بڑھتا تو میں درخت کی جڑ میں بیٹھ کر گھات لے لیتا۔ پھر تیر مارتا تو جو بھی گھڑ سوار میری طرف آتا' میں اس کے گھوڑے کو زخمی کردیتا' لنگڑا کردیتا تو یوں سب کو تیر مارتا جاتا اور کہتا:

اَنَا ابْنُ الْاَکْوَعِ وَالْیَوْمُ یَوْمُ الرُّضَّعِ

"میں ابن الاکوع ہوں اور آج پتہ چلے گا کہ کس نے ماں کا دودھ پیا ہے۔"

سلمہ کہتے ہیں کہ میں بھاگتا جاتا۔ وہ اپنی سواری پر ہوتے۔ میں تیر مارتا۔ میرا تیر ٹھیک نشانے پہ لگتا۔ میرا دشمن میرے تیر کے زخموں سے اپنے



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کندھوں ، بازؤوں کو لپیٹ رہا ہوتا اور میں کہتا۔ لے پکڑ

اَنَا ابُنُ الُاَکُوَعِ وَالُیُوُمُ یَوُمُ الرُّضَّعِ

" میں ابن الاکوع ہوں اور آج پتہ چلے گا کس نے ماں کا دودھ پیا ہے۔"

سلمہ کہتے ہیں کہ میں ان پر درختوں کی اوٹ سے تیروں کی بوچھاڑ کرتا اور جب تنگ درے اور گھاٹیاں ہوتیں تو میں بھاگ کر پہاڑ کی بلندی پر آ جاتا اور پتھروں سے ان پر پتھراؤ کرتا۔ اس حال میں کہ میں اکیلا اور وہ بے شمار۔ میں ان کا پیچھا کرتا رہا حتیٰ کہ میں نے ان کو مار مار کر ان کے قبضہ سے نبی ﷺ کی تمام سواریاں چھڑوالیں۔ وہ چھوڑ کر بھاگ نکلے۔ میں ان سے چمٹا ہی رہا اور تیروں سے ان پر بوچھاڑ کرتا رہا۔ یہاں تک کہ انہوں نے تیس سے زیادہ نیزے اور تیس سے زیادہ کمبل گرادیئے تاکہ بھاگنے میں ان کا وزن ہلکا رہے۔ وہ جو بھی چیز گراتے' میں پتھروں سے اس پر نشانی لگا دیتا کہ راستے میں رسول اللہ ﷺ آ رہے ہیں' وہ ان چیزوں کو قبضہ میں لے لیں گے۔

سلمہ کہتے ہیں کہ جب دن خوب گرم ہو گیا اور میں ان کا تعاقب کر رہا تھا کہ عیینہ بن بدر الفزاری کافروں کے لئے مدد لے کر آ گیا۔ وہ ایک تنگ گھاٹی میں تھے۔ میں پہاڑ کی بلندی پر آ گیا اور عین ان کے اوپر ہو گیا۔ اتنا صاف واضح کہ عیینہ نے مجھے دیکھا اور کہا کہ یہ کیا قصہ ہے؟ تو اس کے لوگ



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


اسے کہنے لگے کہ اس آدمی سے ہمیں بہت تکلیف پہنچی ہے۔ اس نے صبح سحری کے وقت سے ہمارا پیچھا نہیں چھوڑا اور ہماری ہر چیز لے لی ہے۔ وہ کہنے لگا کہ ضرور اس کو اپنے پیچھے سے اپنے ساتھیوں کی مدد نظر آ رہی ہے۔ ورنہ یہ تمہارا تعاقب کرنے کی جرأت نہ کرتا۔ پھر اس نے چار لوگ میری طرف نکالے کہ وہ مجھے پکڑیں۔ اب وہ چاروں پہاڑ پر چڑھ رہے تھے۔ جب وہ اتنے قریب آ گئے کہ میری آواز سن سکیں تو میں نے ان سے کہا کہ تم مجھے جانتے ہو؟ کہنے لگے تم کون ہو؟ میں نے کہا' ابن الاکوع۔ اور مجھے اس ذات کی قسم ہے جس نے محمد (ﷺ) کے چہرے کو عزت بخشی ہے۔ تم میں سے کوئی بھی مجھے پکڑ نہیں سکتا اور میں تم میں سے کسی کو بھی نہیں چھوڑوں گا۔ یہ ہو رہا تھا کہ میری نظر رسول اللہ ﷺ کے گھڑ سواروں پر پڑی جو کہ درختوں کے جھنڈ سے نکل رہے تھے۔ سب سے آگے اخرم اسدی تھا' اس کے پیچھے ابوقتادہ فارس الرسول ﷺ' ان کو دیکھ کر میں پہاڑ سے اتر پڑا اور اخرم کے گھوڑے کی لگام تھام کر کہا' اے بھائی اخرم! دشمن سے محتاط رہ اور جلدی نہ کر۔ مجھے ڈر ہے کہ تو اکیلا ان سے بھڑ گیا تو وہ تجھ پر ہجوم کر دیں گے۔ رک جا۔ انتظار کر حتی کہ رسول اللہ ﷺ اور ساتھی آ جائیں۔ سلمہ کہتے ہیں' اخرم نے جواب دیا اے سلمہ! اگر تو اللہ پر اور آخرت پر ایمان رکھتا ہے اور جانتا ہے کہ جنت اور دوزخ حق ہیں تو میری شہادت کی راہ میں حائل نہ


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


ہو' مجھے اکیلے حملہ کرنے سے نہ روک۔ تب میں نے اخرم کے گھوڑے کی لگام چھوڑ دی۔ اخرم نے گھوڑے کو ایڑ لگائی اور عبدالرحمٰن بن عیینہ کے دستے پر جا پڑا۔ عبدالرحمٰن نے مڑ کر اخرم رضی اللہ عنہ پر حملہ کیا۔ دونوں کے وار ٹکرائے۔ اخرم نے عبدالرحمٰن کو زخمی کر دیا مگر عبدالرحمٰن نے جوابی وار سے اخرم رضی اللہ عنہ کو شہید کر دیا اور ان کے گھوڑے پر قبضہ کر لیا' اتنے میں ابوقتادہ رضی اللہ عنہ نے جھپٹ کر عبدالرحمٰن بن عیینہ پر حملہ کر دیا۔ دونوں کے وار کی جھنکار گونجی' عبدالرحمٰن بن عیینہ نے ابوقتادہ کو زخمی کر دیا لیکن ابوقتادہ رضی اللہ عنہ خوب شہسوار تھے اور بہادر تھے۔ انہوں نے عبدالرحمٰن بن عیینہ کو قتل کر کے اخرم رضی اللہ عنہ کا گھوڑا اس سے چھین لیا اور اس پر سوار ہو گئے۔ اتنے میں مشرکین بھاگ نکلے اور میں پھر ان کے تعاقب میں لگ گیا۔ اور ہم بہت دور نکل گئے اتنے دور کہ میں نبی صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھیوں کا غبار بھی نہیں دیکھ رہا تھا۔ سلمہ کہتے ہیں کہ اتنے میں غروب آفتاب قریب ہو گیا تھا کہ مشرکین ایک گھاٹی میں جسکا نام ذوقرد ہے' اترے اور پانی پینے کا ارادہ ہی کیا تھا کہ ان کی نظر مجھ پہ پڑ گئی۔ وہ پانی چھوڑ کر بھاگ کھڑے ہوئے۔ اتنے میں سورج غروب ہو گیا۔ میں نے ایک آدمی کو اوپر تلے تاک کر دو تیر مارے تو دونوں اس کے بدن میں کھب گئے' مشرکین شکست خوردہ بھاگ نکلے۔ دو گھوڑے بھی چھوڑ گئے۔ میں دونوں گھوڑوں کو ہانکتا ہوا نبی صلی اللہ علیہ وسلم کی خدمت میں حاضر ہوا۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اپنے


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


اصحاب کے ہمراہ ذو قرد کے پانی پر تشریف فرما تھے۔ آپ کے ہمراہ پانچ سو اصحاب تھے۔ جو اونٹ میں نے کفار سے واپس لے کر چھوڑے تھے' ان میں سے ایک کو ذبح کر کے بلال رضی اللہ عنہ اس کی کلیجی وغیرہ اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کیلئے بھون رہے تھے۔ میں نے آ کر درخواست کی کہ اے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم آپ مجھے اجازت دیجئے۔ میں آپ کے اصحاب میں سے ایک سو صحابیوں کو منتخب کر کے رات کو کفار پر حملہ کروں اور ان میں سے ہر ایک کو قتل کر دوں۔ اس پر آپ صلی اللہ علیہ وسلم ہنس پڑے حتی کہ آپ صلی اللہ علیہ وسلم کی داڑھیں مبارک تک ظاہر ہو گئیں۔

یہ ایک طویل حدیث ہے جس سے بہت سی باتیں واضح ہوتی ہیں۔ اس میں اس بات کا جواز ہے کہ ایک شخص تنہا بہت بڑے دشمن پر حملہ کر سکتا ہے۔ خواہ اس میں اس کی اپنی جان کا سو فیصد خطرہ ہی کیوں نہ ہو؟ اگرچہ اسے اس بات کا یقین ہو کہ وہ خود قتل ہو جائے گا کیونکہ اس طرح اسے شہادت ملے گی۔ اس سے صاف ظاہر ہے کہ سلمہ بن اکوع جن لوگوں سے دن بھر جنگ کرتے رہے' وہ بڑے عدد کا جتھہ تھا' بہت لوگ تھے۔ کیونکہ شام کو سلمہ نے اللہ کے رسول صلی اللہ علیہ وسلم سے ایک صد آدمی مانگا تا کہ ان پر بھرپور حملہ کر سکے۔

یہ صراحتاً اپنے آپ کو خطرہ میں ڈالنا تھا۔ اور اس میں سلمہ کی موت یا ہلاکت یقینی تھی مگر رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم اور جلیل القدر صحابہ میں سے کسی نے بھی


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


سلمہ بن اکوع کے اس عمل پر انکار نہیں کیا اور نہیں کہا کہ یہ اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا ہے یا خودکش عمل ہے۔ بلکہ نبی ﷺ سمیت تمام صحابہ نے اس واقعہ پر ابوقتادہ اور سلمہ بن اکوع کو شاباش دی اور فرمایا

﴿ خَيْرُ فُرْسَانِنَا الْيَوْمَ أَبُوْقَتَادَةَ وَخَيْرُ رَجَّالِنَا سَلَمَةُ ﴾

[ صحیح مسلم ، کتاب الجھاد غزوہ ذات قرد: ۱۸۰۷ ]

''آج کے دن بہترین سوار ابوقتادہ اور بہترین پیدل سلمہ ہے''

یہ حدیث اس بات پر دال ہے کہ یہ فدائی عمل مستحب ہے اور فضیلت اولیٰ ہے کیونکہ نبی ﷺ نے ابوقتادہ اور سلمہ بن اکوع کی مدح سرائی کی اور ان کے اس عمل کو سراہا اور سلمہ بن اکوع کو سوار اور پیدل دونوں کا حصہ بھی غنیمت سے دیا۔ جبکہ ان دونوں نے اکیلے اکیلے دشمن پر حملہ کر دیا تھا۔ نبی ﷺ اور صحابہ کرام کی آمد کا انتظار بھی نہیں کیا تھا۔

فدائی نوعیت کا یہی ایک واقعہ نہیں ہے بلکہ اس طرح کے واقعات تو اس کثرت سے ہوئے اور اتنے فدائی نکلے کہ اہل اسلام کے ماتھے کا جھومر یہی فدائی بن گئے اور اصحاب رسول اللہ ﷺ میں اس عمل جلیل کی بہت سی امثلہ موجود ہیں۔

## خیبر میں عبداللہ بن عتیک کی فدائی کاروائی:

سلام بن ابی الحقیق۔ جس کی کنیت ابو رافع تھی۔ یہود کے ان اکابر


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مجرمین میں سے تھا جو مسلمانوں کے خلاف مشرکین کو ورغلانے میں بڑھ چڑھ کر حصہ لیا کرتے تھے اور رسول اللہ ﷺ کو ایذا بھی پہنچایا کرتے تھے۔ قبیلہ خزرج کے کچھ لوگوں نے رسول اللہ ﷺ سے اس کے قتل کی اجازت چاہی۔ آپ نے اجازت دے دی ان کے کمانڈر عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ تھے۔

جب یہ خیبر میں ابو رافع کے قلعہ کے قریب پہنچے تو مغرب کا وقت ہو چکا تھا اور لوگ اپنے ڈھور ڈنگر لے کر واپس ہو چکے تھے۔ عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ نے کہا تم لوگ یہیں ٹھہرو، میں جاتا ہوں اور دروازے کے پہرے دار کے لیے کوئی لطیف حیلہ اختیار کرتا ہوں۔ اس کے بعد وہ تشریف لے گئے اور دروازے کے قریب جا کر سر پر کپڑا ڈال کر یوں بیٹھ گئے گویا قضائے حاجت کر رہے ہوں۔ پہرے دار نے زور سے پکار کر کہا: او اللہ کے بندے! اگر اندر آنا ہے تو آ جاؤ ورنہ میں دروازہ بند کر کے جا رہا ہوں۔ عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ میں اندر گھس گیا اور چھپ گیا۔ جب سب لوگ اندر آ گئے تو پہرہ دار نے دروازہ بند کر کے ایک کھونٹی پر چابیاں لٹکا دیں۔ (کچھ دیر بعد جب ہر طرف سکون چھا گیا تو) میں نے اٹھ کر چابیاں لیں اور دروازہ کھول دیا۔ ابو رافع بالا خانے میں رہتا تھا۔ اور وہاں مجلس ہوا کرتی تھی۔ جب اہل مجلس چلے گئے تو میں اس کے بالا خانے کی طرف چڑھا۔ میں جو کوئی دروازہ بھی کھولتا تھا۔ اسے اندر کی جانب سے بند کر لیتا تھا۔ میں



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


نے سوچا کہ اگر لوگوں کو میرا پتہ لگ بھی جائے تو اپنے پاس ان کے پہنچنے سے پہلے پہلے ابو رافع کو قتل کر لوں گا۔ اس طرح میں اس کے پاس پہنچ گیا لیکن وہ اپنے بال بچوں کے درمیان ایک تاریک کمرے میں تھا۔ اور مجھے معلوم نہ تھا کہ وہ اس کمرے میں کس جگہ ہے؟ اس لیے میں نے کہا: ابو رافع! اس نے کہا: یہ کون ہے؟ میں نے جھٹ آواز کی طرف لپک کر اس پر تلوار کی ضرب لگائی۔ لیکن میں اس وقت ہڑبڑایا ہوا تھا۔ اس لیے کچھ نہ کر سکا۔ ادھر اس نے زور کی چیخ ماری۔ لہذا میں جھٹ کمرے سے باہر نکل گیا۔ اور ذرا دور ٹھہر کر پھر آ گیا اور آواز بدل کر بولا: ابو رافع! یہ کیسی آواز تھی؟ اس نے کہا تیری ماں برباد ہو۔ ایک آدمی نے ابھی اس کمرے میں مجھے تلوار ماری ہے۔ عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ اب میں نے ایک زوردار ضرب لگائی جس سے وہ خون میں لت پت ہو گیا۔ لیکن اب بھی میں اسے قتل نہ کر سکا تھا اس لیے میں نے تلوار کی نوک اس کے پیٹ پر رکھ کر دبا دی اور وہ اس کی پیٹھ میں آر پار ہو رہی۔ میں سمجھ گیا کہ میں نے اسے قتل کر دیا ہے۔ اس لیے اب میں ایک ایک دروازہ کھولتا ہوا اور ایک سیڑھی پر یہ سمجھتے ہوئے کہ زمین تک پہنچ چکا ہوں۔ پاؤں رکھا تو نیچے گر پڑا۔ چاندنی رات تھی پنڈلی سرک گئی۔ میں نے پگڑی سے اسے کس کر باندھا۔ اور دروازے کے پاس چھپ گیا۔ جب مرغ نے آواز دی تو ایک آدمی نے قلعہ کی دیوار پر کھڑے ہو کر اعلان کیا کہ


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


میں اہل حجاز کے تاجر ابو رافع کی موت کی اطلاع دیتا ہوں عبداللہ بن عتیک رضی اللہ عنہ نے جان لیا کہ ابو رافع مر چکا ہے۔ لہٰذا اپنے ساتھیوں کے پاس آ گئے اور سب نے مدینہ منورہ کی راہ لی۔ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے پاس پہنچ کر واقعہ بیان کیا۔ آپ نے ان کے پاؤں پر دست مبارک پھیرا تو انہیں ایسا لگا کہ گویا کوئی تکلیف ہوئی ہی نہیں۔ [بخاری، کتاب المغازی باب قتل ابی رافع]

## محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ فدائی کے ہاتھوں کعب بن اشرف کا قتل:

حضرت جابر بن عبداللہ رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا: "کعب بن اشرف سے کون نمٹے گا۔ (کیونکہ اس نے اللہ اور اس کے رسول کو اذیت دی ہے) تو محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے اٹھ کر عرض کیا: یا رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم میں حاضر ہوں۔ کیا آپ چاہتے ہیں کہ میں اسے قتل کروں؟ آپ نے فرمایا: ہاں انہوں نے عرض کیا: تو آپ مجھے کچھ کہنے کی اجازت عطا فرمائیں آپ نے فرمایا: کہہ سکتے ہو۔

اس کے بعد محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ کعب بن اشرف کے پاس آئے اور بولے: اس شخص (نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم) نے ہم سے صدقہ طلب کیا ہے۔ اور حقیقت یہ ہے کہ اس نے ہمیں مشقت میں ڈال رکھا ہے، میں تمہارے پاس اس لیے آیا ہوں کہ مجھے کچھ قرض ہی دلوا دو۔ کعب نے کہا: ابھی کیا ہے! اللہ


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


کی قسم! آگے چل کر تم کو بہت تکلیف ہو گی۔

محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: اب جبکہ ہم اس کے پیروکار بن ہی چکے ہیں تو مناسب معلوم نہیں ہوتا کہ اس کا ساتھ چھوڑ دیں۔ جب تک یہ نہ دیکھ لیں کہ اس کا انجام کیا ہوتا ہے۔ اچھا ہم چاہتے ہیں کہ آپ ہمیں ایک وسق یا دو وسق غلہ دے دیں۔

کعب نے کہا: میرے پاس کچھ رہن رکھو۔

محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: آپ کون سی چیز پسند کریں گے؟

کعب نے کہا: اپنی عورتوں کو میرے پاس رہن رکھ دو۔

محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: بھلا ہم اپنی عورتیں آپ کے پاس کیسے رہن رکھ دیں جبکہ آپ عرب کے سب سے خوبصورت انسان ہیں۔

اس نے کہا تو پھر اپنے بیٹوں کو ہی رہن رکھ دو۔

محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ نے کہا: ہم اپنے بیٹوں کو کیسے رہن رکھ دیں؟ اگر ایسا ہو گیا تو انہیں گالی دی جائے گی کہ یہ ایک وسق یا دو وسق کے بدلے رہن رکھا گیا تھا۔ یہ ہمارے لیے عار کی بات ہے۔ البتہ ہم آپ کے پاس ہتھیار رہن رکھ سکتے ہیں۔

اس کے بعد دونوں میں یہ طے ہو گیا کہ محمد بن مسلمہ رضی اللہ عنہ (ہتھیار لے کر) اس کے پاس آئیں گے۔ رات کو آئے تو ابونائلہ کو ساتھ لائے جو کعب


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


کا دودھ شریک بھائی تھا۔کعب نے ان کو قلعہ کے پاس بلا لیا اور خود قلعہ سے اتر کر نیچے آ کر ان سے ملا۔ جب وہ قلعہ سے اترنے لگا تو اس کی بیوی نے اس سے کہا اس وقت کہا جا رہے ہو؟ میں ایسی آواز سن رہی ہوں جس سے گویا خون ٹپک رہا ہے۔کعب نے کہا: یہ تو میرا بھائی محمد بن مسلمہ اور میرا دودھ کا ساتھی ابونائلہ ہے کریم آدمی کو اگر نیزے کی مار کی طرف بلایا جائے تو اس پکار پر بھی وہ جاتا ہے اس کے بعد وہ باہر آ گیا۔خوشبو میں بسا ہوا تھا۔اور سر سے خوشبو کی لہریں پھوٹ رہی تھیں۔

محمد بن مسلمہ اپنے ساتھ دو آدمیوں کو لائے تھے ان سے کہنے لگے۔ جب کعب یہاں آ جائے گا میں اس کے سر کے بال تھام کر سونگھوں گا جب تم دیکھنا کہ میں نے اس کا سر مضبوط تھام لیا ہے تو تم اپنا کام تمام کر دینا۔

غرض کعب سر سے چادر اوڑھے ہوئے اترا اس کے بدن سے خوشبو مہک رہی تھی۔محمد بن مسلمہ نے کہا: میں نے تو ساری عمر میں آج کی طرح خوشبودار ہوا نہیں سونگھی۔کعب نے کہا: میرے پاس عرب کی وہ عورت ہے جو سب عورتوں سے زیادہ معطر رہتی ہے اور حسن و جمال میں بھی بے نظیر ہے۔محمد بن مسلمہ نے اس سے کہا تم مجھ کو اپنا سر سونگھنے کی اجازت دیتے ہو۔ اس نے کہا اچھا! سونگھو! انہوں نے خود بھی سونگھا اپنے ساتھیوں کو بھی سونگھایا پھر دوبارہ درخواست کی۔ میں تمہارا سر سونگھوں۔ اس نے کہا: اچھا۔محمد بن


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


مسلمہ نے اس کا سر زور سے تھاما اور اپنے ساتھیوں سے کہا: ہاں اب پل پڑو۔ انہوں نے اس کا کام تمام کر دیا۔ اور اس کا سر قلم کر کے رسالت مآب ﷺ کی خدمت میں پیش کر دیا۔

[بخاری کتاب المغازی۔ باب قتل کعب بن اشرف]

## رسول اللہ ﷺ کے فدائیوں کی موت پر بیعت:

《 عَنْ يَزِيْدَ بْنِ أَبِيْ عُبَيْدٍ قَالَ قُلْتُ لِسَلَمَةَ ابْنِ الْأَكْوَعِ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ: عَلٰى أَيِّ شَيْءٍ بَايَعْتُمْ رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ يَوْمَ الْحُدَيْبِيَّةِ؟ قَالَ عَلَى الْمَوْتِ 》

[بخاری، کتاب المغازی، باب غزوة الحدیبية رقم:٤١٦٩ مسلم، کتاب الامارة، باب استحباب مبايعة الامام الجيش رقم:١٨٦٠]

یزید بن ابی زید بیان کرتے ہیں کہ میں نے سلمہ بن اکوع رضی اللہ عنہ سے سوال کیا کہ حدیبیہ کے دن تم نے کس بات پر رسول اللہ ﷺ کی بیعت کی تو انہوں نے بتایا کہ موت پر۔

فدائی عمل کے معنی ہی یہ ہیں کہ اپنے آپ کو خطرہ میں ڈال کر دشمن پر وار کرے مصلحت واحتیاط کو بالائے طاق رکھے۔ موت کی آنکھوں میں آنکھیں ڈال کر اپنے دشمن پر جھپٹے۔ کام مکمل کرے اور لڑتا بھڑتا وہاں سے نکلے۔ شہادت پا جائے تو اللہ کا مال' واپس آ جائے تو ہر چند نہال۔


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جنگ احد کی بھی ایسی ہی مثال ہے۔ کفار نے رسول اللہ ﷺ کے گرد گھیرا تنگ کیا' زور بڑھایا' ان کا خیال تھا کہ اگر وہ نبی ﷺ پر (معاذ اللہ) بھر پور وار کر لیتے ہیں تو ان کا مقصد پورا ہو گیا۔ سو وہ بڑھتے ہی آ رہے تھے کہ رسول اللہ ﷺ نے آواز دی۔ مَنْ یَّرُدُّھُمْ عَنَّا وَلَهُ الْجَنَّةُ اَوْ ھُوَ رَفِیْقِی فِی الْجَنَّةِ کون خطرہ کی اس گھڑی میں ان کافروں' مشرکوں کو ہم سے دور بھگائے گا اور قیمت جنت پائے گا؟

فدائی آگے بڑھے۔ شہادت پر شہادت ہوئی مگر نبی ﷺ کی حفاظت کی۔ جنگ جسر میں ابوعبید ثقفی نے بڑے ہاتھی فیل ابیض پر حملہ کر دیا کیونکہ اس نے دیکھا کہ ہاتھی کا کوئی علاج نہیں بن رہا ہے تو اس نے آگے بڑھ کر اس متحرک دیو کی سونڈ کاٹ دی اور اسی میں شہادت پائی۔ جنگ قادسیہ میں جب مسلمانوں کے گھوڑے اور اونٹ ہاتھیوں سے بدکے تو سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ نے بنو زبید سے مدد مانگی کہ ہاتھیوں کا کچھ کرو۔ عمرو بن معدیکرب الزبیدی نے اپنے فدائیوں سمیت ہاتھیوں پر حملہ کر دیا۔ دائیں بائیں سے دو نیزے ترازو کر کے ہاتھی کی دونوں آنکھوں میں اتار دیئے اور سامنے سے سونڈ پر تلوار ماری۔ یوں تین تین فدائی ایک ایک ہاتھی کو گھیرے میں لے کر حملہ کر رہے تھے' اوپر عماریوں میں سوار ایرانی تیرانداز تیر برسا رہے تھے مگر تیروں کی اس بارش میں اور ہاتھیوں کی اس خوفناک چنگھاڑ



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


میں فدائی اپنا کام کر گئے۔ سونڈ کٹنے اور آنکھیں زخمی ہونے سے ہاتھی اپنے ہی لشکر پر چڑھ گئے ۔ سینکڑوں ایرانی ہاتھیوں کے قدموں تلے روندے گئے۔ باقی بھاگ کھڑے ہوئے اور میدان مسلمانوں کے ہاتھ رہا۔

فداویہ کا یہ عمل مسلسل مسلم امہ کی تاریخ کا درخشاں باب ہے۔ جب بھی کبھی جہاد کا کوئی جھنڈا بلند ہوا ہے' فدائیوں نے آگے بڑھ کر اسے اپنے ہاتھوں اور کاندھوں پر اٹھایا۔ ایام صحابہ رضی اللہ عنہم ہی نہیں' بعد میں بھی بلکہ ہمیشہ ہی ایسے فدائی ظاہر ہوتے رہے جو اسلام اور اہل اسلام پر دیوانہ وار فدا ہوئے' خطرات سے کھیلے اور مشکل سے مشکل ھدف کو حاصل کیا۔ صرف شہادت کے لئے وہاں وہاں کود گئے جہاں جہاں موت کا گھر ہو' شہادت یقینی ہو۔ فرق صرف اس قدر ہے کہ کسی فدائی نے کبھی اپنے آپ کو خود نہیں مارا یا کوئی ایسا ایکشن نہیں کیا جس سے وہ خود آگ یا بارود وغیرہ میں کود پڑے ہوں۔ البتہ دشمن سے لڑنے' جنگ کرنے ، خفیہ ٹھکانوں پر حملے کرنے' دشمن کی فوج کی صفوں یا کیمپوں میں کود جانے' اس کے سرداروں یا بادشاہوں کے محلوں اور مضبوط پناہ گاہوں میں گھس کر ان کو مار دینے' ایک ایک آدمی کے ایک ہزار سے زیادہ دشمن پر حملہ کر دینے' ان سب کی مثالیں قرون اولیٰ سے بکثرت ملتی ہیں اور کسی نے اسے خودکش عمل قرار نہیں دیا ہے بلکہ اس کے برعکس محدثین نے اس کو مباح ومستحب قرار دیتے ہوئے اس پر باب


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


باندھے اور حدیثیں لائے ہیں۔ چنانچہ امام بیہقی سنن الکبریٰ 99/9 میں کہتے ہیں:

«بَابُ جَوَازِ اِنْفِرَادِ الرَّجُلِ اَوِ الرِّجَالِ بِالْغَزْوِ فِی بِلَادِ الْعَدُوِّ اِسْتِدْلَالًا بِجَوَازِ التَّقْدِيْمِ عَلَى الْجَمَاعَةِ وَاِنْ كَانَ الاَغْلَبُ اِنَّهَا سَتَقْتُلُهٗ»

''باب' ایک اکیلے آدمی یا کچھ آدمیوں کا دشمن کے ملک کے اندر گھس کران پر حملہ کرنے کا جواز اگرچہ غالب ظن یہ ہو کہ دشمن کی جماعت اسے قتل کردے گی۔''

یہ باب کا عنوان ہے۔ اس کے تحت امام بیہقی رحمہ اللہ نے مجاہد سے روایت کیا ہے۔

« بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ مَسْعُوْدٍ وَخَبَابًا سَرِيَّةً۔ وَبَعَثَ دِحْيَةَ بْنَ خَلِيْفَةَ الْكَلْبِىَّ سَرِيَّةً وَحْدَهٗ»

کہ نبی ﷺ نے عبداللہ بن مسعود رضی اللہ عنہ اور خباب رضی اللہ عنہ کو ایک جنگی مہم پر بھیجا۔ اور نبی ﷺ نے دحیۃ بن خلیفہ الکلبی اکیلے کو جنگی مہم پر بھیجا۔

امام بیہقی مزید کہتے ہیں


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


《 بَعَثَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ عَمْرَو بْنَ اُمَيَّةَ وَرَجُلًا مِنَ الْاَنْصَارِ سَرِيَّةً وَبَعَثَ عَبْدَاللّٰهِ بْنَ اَنِيْسٍ سَرِيَّةً وَحْدَهٗ 》

کہ رسول اللہ ﷺ نے عمرو بن امیۃ الضمری اور ایک انصاری صحابی کو ایک جنگی مہم پر بھیجا اور یہ کہ رسول اللہ ﷺ نے عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہ کو اکیلے ایک جنگی مہم پر بھیجا' واضح ہو کہ نبی ﷺ نے عبداللہ بن انیس کو ایک کافر سردار خالد بن سفیان بن نبیح کے قتل پر مامور کرتے ہوئے فرمایا: مجھے یہ خبر ملی ہے کہ خالد بن سفیان میرے خلاف فوجیں جمع کر رہا ہے تا کہ میرے ساتھ جنگ کرے۔ فاته فاقتله تم اس کے پاس جاؤ اور اسے قتل کردو۔ اور یہ عین اس کی فوج کے اندر گھس کر فدائی کارروائی کرنا تھی۔ یہ حدیث مسند احمد میں صحیح سند کے ساتھ مروی ہے۔ امام حاکم نے (مستدرک ۲/۲۷۵۔۲۷۶) میں براء بن عازب کے حوالے سے کہا ہے کہ

《 قَالَ رَجُلٌ لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ اِنْ حَمَلْتُ عَلَى الْعَدُوِّ وَحْدِی فَقَتَلُوْنِی اَكُنْتُ اَلْقَيْتُ بِيَدَیَّ اِلَى التَّهْلُكَةِ قَالَ لَا فَاِنَّ اللّٰهَ يَقُوْلُ فَقَاتِلْ فِیْ سَبِيْلِ اللّٰهِ لَا تُكَلَّفُ اِلَّا نَفْسَكَ 》

ایک شخص نے براء بن عازب صحابی سے سوال کیا۔ اگر میں اکیلا دشمن پر


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


حملہ کردوں، تن تنہا اور وہ مجھ کو قتل کردیں، تو کیا میں نے اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالا ہے؟ براء بن عازب نے جواب دیا۔ نہیں اور دلیل پکڑی اس آیت سے کہ اللہ تعالیٰ اپنے نبی کو حکم قتال دیتا ہے اور فرماتا ہے کہ اے نبی محمد ﷺ! آپ اکیلے بھی ہوں تو اللہ کی راہ میں قتال کیجئے۔ آپ اپنی جان پر جہاد کے مکلّف ہیں۔

مستدرک حاکم کی ایک اور روایت میں ہے:

«اِنَّ الرَّجُلَ قَالَ لِلْبَرَاءِ بْنِ عَازِبٍ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ هَلْ هُوَ الرَّجُلُ يَحْمِلُ عَلَى الْكَتِيْبَةِ وَهُمْ اَلْفٌ وَالسَّيْفُ بِيَدِهٖ فَيَكُوْنُ قَدْ اَلْقَى بِيَدِهٖ اِلَى التَّهْلُكَةِ؟ قَالَ : لَا»

''ایک آدمی نے براء بن عازب سے پوچھا کہ کیا وہ شخص جو اکیلا ایک ہزار کے لشکر پر حملہ کردے اور اس کے ہاتھ میں تلوار ہو تو کیا اس نے اپنے ہاتھ کو ہلاکت میں ڈالا۔ تو انہوں نے فرمایا نہیں۔''

اسی طرح امام بیہقی براء بن مالک رضی اللہ عنہ کے واقعہ کا ذکر کرتے ہوئے کہتے ہیں کہ براء بن مالک معرکہ یمامہ میں شریک ہوئے اور مسلمانوں کے ساتھ اس باغ پر حملہ کیا جس میں مسیلمہ کذاب پناہ لئے ہوئے تھا۔ اور


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


اس باغ کے گرد معرکہ بہت شدید ہوا تھا۔

﴿ وَطَلَبَ الْبَرَاءُ مِنْ اَصْحَابِهٖ اَنْ يَّحْمِلُوْنَ فِى قَرْسٍ عَلَى الرِّمَاحِ وَاَنْ يُّلْقُوْهُ عَلَى الْكُفَّارِ مِنْ فَوْقِ السُّوَرَ وَّصَارَ دَاخِلَ الْحَدِيْقَةِ وَحْدَهٗ ـ وَقَاتَلَ الْكُفَّارَ قِتَالًا شَدِيْدًا وَقَتَلَ مِنْ عَشْرَةٍ وَتَمَكَّنَ مِنْ فَتْحِ الْبَابِ وَجُرِحَ فِىْ جِسْمِهٖ بِضْعًا وَّثَمَانِيْنَ جَرْحًا وَلَمْ يُنْكِرْ عَلَيْهِ فِعْلَهٗ اَحَدٌ مِنَ الصَّحَابَةِ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُمْ ﴾

امام بیہقی لکھتے ہیں کہ براء بن مالک رضی اللہ عنہ نے اپنے ساتھیوں سے کہا کہ مجھے ڈھال کے اوپر بٹھا کر ڈھال کو نیزوں پر بلند کرو۔ اور فصیل کے اوپر سے مجھے دشمن کے اندر پھینک دو۔ اور اس طرح سے براء رضی اللہ عنہ دشمن کے اندر اکیلے رہ گئے۔ وہاں خوب قتال کیا۔ دس کافروں کو قتل کیا۔ دروازہ کھولنے میں کامیاب ہو گئے اور ۸۰ سے اوپر زخم کھائے۔ صحابہ میں سے کسی نے بھی اس پر اعتراض نہیں کیا۔

یعنی کسی صحابی نے بھی یہ نہیں کہا کہ یہ تو اپنے کو ہلاکت میں ڈالنا ہے یا خودکشی ہے۔


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



متقدمین کے ہاں، علماء اور عامہ، دونوں کے ہاں ایسی کوئی الجھن نہ تھی کہ وہ اس قسم کی فدائی کارروائیوں پر شبہ وشک رکھتے ہوں یا خودکشی کا گمان کرتے ہوں بلکہ بڑے بڑے ائمہ اور علماء اس کی ترغیب دیتے تھے اور اس کے جواز کے فتاویٰ صادر فرماتے تھے۔

چنانچہ امام ابوحامد الغزالی اپنی معرکۃ الآراء کتاب ''احیاء علوم الدین'' میں لکھتے ہیں:

« لَا خِلَافَ فِیْ اِنَّهٗ یَجُوْزُ لِلْمُسْلِمِ الوَاحِدِ اَنْ یَّهْجُمَ عَلٰی صَفِّ الْکُفَّارِ، وَ اَنْ یُّقَاتِلَهُمْ وَاِنْ عَلِمَ اَنَّهٗ یُقْتَلُ »

کہ اس میں کوئی اختلاف نہیں ہے کہ ایک اکیلے مسلمان کے لئے جائز ہے کہ وہ اکیلا کافروں کی پوری صف پر حملہ کردے اور یہ کہ ان سے قتال کرے اگرچہ اسے یقین ہو کہ وہ اس حملہ میں قتل کردیا جائے گا۔ یعنی وہ خود بچ نہیں سکے گا۔

پھر فرماتے ہیں:

« وَاِنَّمَا جَازَ لَهُ الاِقْدَامُ اِذَا عَلِمَ اَنَّهٗ لَایَقْتُلُ حَتّٰی یُقْتَلَ، اَوْ عَلِمَ اَنَّه یُکْسِرُ قُلُوْبَ الْکُفَّارِ بِذٰلِكَ، جَازَ ذٰلِكَ لَهٗ لِاَنَّهٗ بِهٖ یُکْسِرُ شَوْکَةَ الْکُفْرِ، بِمَا یُشَاهِدُوْنَ عَنْ جُرْأَتِهٖ



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


' يَعْتَقِدُوْنَ فِي سَائِرِ الْمُسْلِمِيْنَ حُبَّهُمْ لِلشَّهَادَةِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ ' وَعَدْمَ خَوْفِهِمْ مِنَ الْجِهَادِ وَالْقَتْلِ فِي سَبِيْلِ اللّٰهِ»

کہ ایک اکیلے مسلمان کا حملہ کرنا جائز ہے جبکہ اسے علم ویقین بھی ہو کہ وہ قتل نہیں کر سکے گا جب تک خود قتل نہ ہو یعنی اگر وہ مارے گا' حملہ کرے گا تو وہ بھی یقیناً قتل کر دیا جائے گا یا اسے یہ یقین ہو کہ وہ اپنے اس حملہ کے ذریعہ سے کفار کے دلوں کو توڑ دے گا' ہمتوں کو پست کر دے گا تو اس کیلئے اکیلے ہی حملہ کرنا جائز ہے کیونکہ اس طرح کے فدائی حملہ سے وہ کفار کی شوکت وقوت کو توڑ سکے گا۔ جب وہ اس کی غیر معمولی جرات وبہادری کا یہ منظر دیکھیں گے کہ وہ اکیلا مسلمان ہی پورے لشکر سے بھڑ گیا ہے اور اس طرح تمام مسلمانوں کے بارہ میں ان کا اعتقاد پختہ ہوگا کہ یہ سب کے سب شہادت کی محبت میں غرق ہیں اور جہاد فی سبیل اللہ سے اور اللہ کی راہ میں قتل ہونے سے ڈرتے نہیں ہیں تو جائز ہے۔

فدائیوں کے حق میں فتوی صادر کرتے ہوئے ابن النحاس الدمشقی لکھتے


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


ہیں۔

(( نَقَلَ النَّوْوِیُّ اِتِّفَاقَ الْعُلَمَآءِ عَلَی اِنْغِمَاسِ الْمُجَاهِدِ فِی الْکُفَّارِ ، وَعَلَی التَّعَرُّضِ لِلشَّهَادَةِ ، فَلاشَکَّ فِی اَنَّ ذٰلِكَ جَائِزٌ وَاَنَّهٗ لَا کَرَاهِیَةَ فِیْهِ ))

امام نووی نے علماء کا اتفاق اس مسئلہ پر نقل فرمایا ہے کہ مجاہد کفار کے لشکروں کے اندر گھس جائے اور صرف شہادت کے لئے ٹکرائے ۔فرماتے ہیں۔ بلا شک یہ جائز ہے اور اس میں کوئی کراہیت نہیں ہے۔

اور امام شافعی مبارزت کو اسی باب میں شامل رکھتے ہوئے کہتے ہیں:

(( وَقَدْ بُوْرِزَ بَیْنَ یَدَیْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ وَحَمَلَ رَجُلٌ مِّنَ الاَنْصَارِ حَاسِرًا عَلَی الْمُشْرِکِیْنَ یَوْمَ بَدْرٍ ))

نبی ﷺ کی آنکھوں کے سامنے مبارزت ہوئی ہے یعنی للکار کر مقابلے ہوئے ہیں اور ایک انصاری صحابی رضی اللہ عنہ نے ننگے بدن یعنی بغیر زرہ کے جنگ بدر کے دن مشرکین پر حملہ کیا تا کہ اسے شہادت نصیب ہو۔

ایک اکیلے آدمی کا حب شہادت میں' یا کفار کو ڈرانے اور نقصان پہنچانے' یا صرف ان کے لشکر کی ترتیب اور صف بندی کو تتر بتر کرنے اور ان


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کے میمنہ، میسرہ اور قلب وساقہ کو خلط ملط کرنے کی غرض سے تن تنہا پورے لشکر پر ٹوٹ پڑنا تو صحابہ کی ایسی روایت ہے کہ رومی اور ایرانی لشکر ہمیشہ ہی اس وار سے ڈرا کرتے تھے۔ اور مسلمانوں کے سامنے صف بندی سے کتراتے تھے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم بھی اس پر عمل کر کے جنگ کے طبل پر چوٹ پڑنے سے پہلے ہی ان کی صفوں کو پھاڑ کر رکھ دیتے تھے بلکہ بار بار یہی عمل دہراتے تھے اور کوئی بھی ان پر خودکشی یا اِلْقَاءُ الْیَدِ فِی التَّہْلُکَۃِ کا اعتراض نہ کرتا تھا۔

ابن ابی شیبہ اپنی مصنف میں ۳۰۳/۵ میں ایک روایت لائے ہیں کہ

(( قَالَ جَاءَ تْ كَتِيْبَةٌ مِنْ كَتَائِبِ الْكُفَّارِ مِنْ قِبَلِ الْمَشْرِقِ فَيُقِيْمُ رَجُلٌ مِنَ الاَنْصَارِ ، فَحَمَلَ عَلَيْهِمْ ، فَخَرَقَ الصَّفَّ حَتّٰى خَرَجَ ، ثُمَّ كَرَرَ رَاجِعًا صَنَعَ ذٰلِكَ مَرَّتَيْنِ اَوْ ثَلَاثًا ))

کہ مشرق کی طرف سے کفار کے لشکروں میں سے ایک دستہ آیا تو ایک انصاری ان کو ملا۔ اور اس نے ان کے لشکر پر حملہ کر دیا اور ان کی صف کو چیر گیا یہاں تک کہ دوسری سمت سے باہر نکل گیا۔ پھر پلٹتا ہوا حملہ کرتا آیا اور اسی طرح دو یا تین مرتبہ پورے کے



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


پورے لشکر کی صفوں کو تتر بتر کیا۔سعد بن ہشام نے یہ ماجرا حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ کے سامنے رکھا تو انہوں نے یہ آیت تلاوت کی۔

﴿ وَمِنَ النَّاسِ مَنْ يَّشْرِىْ نَفْسَهُ ابْتِغَاءَ مَرْضَاتِ اللّٰهِ ﴾
[البقرة:۲۰۷]

اور بعض لوگ وہ بھی ہیں کہ جو اللہ کی رضا مندی کیلئے اپنی جان تک بیچ ڈالتے ہیں۔

## ایک مجاہد کی رومیوں پر یلغار اور ابو ایوب انصاری رضی اللہ عنہ کا خطاب:

« عَنْ أَبِىْ عِمْرَانَ قَالَ: كُنَّا بِمَدِيْنَةِ الرُّوْمِ فَأَخْرَجُوْا اِلَيْنَا صَفًّا عَظِيْمًا مِّنَ الرُّوْمِ، فَخَرَجَ اِلَيْهِمْ مِنَ الْمُسْلِمِيْنَ مِثْلَهُمْ وَأَكْثَرَ، وَعَلٰى أَهْلِ مِصْرَ عُقْبَةُ بْنُ عَامِرٍ وَعَلٰى الْجَمَاعَةِ فَضَالَةُ بْنِ عُبَيْدٍ، فَحَمَلَ رَجُلٌ مِّنَ الْمُسْلِمِيْنَ عَلٰى صَفِّ الرُّوْمِ حَتّٰى دَخَلَ بَيْنَهُمْ، فَصَاحَ النَّاسُ وَقَالُوْا: سُبْحَانَ اللّٰهِ يُلْقِىْ بِيَدِهِ اِلَى التَّهْلُكَةِ، فَقَامَ أَبُوْ أَيُّوْبَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ: أَيُّهَا النَّاسُ: اِنَّكُمْ لَتُؤَوِّلُوْنَ هٰذَا التَّأْوِيْلَ، وَاِنَّمَا نَزَلَتْ هٰذِهِ


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


الآيَةُ فِيْنَا مَعْشَرَ الْأَنْصارِ لَمَّا أَعَزَّ اللّٰهُ الْإِسْلامَ وَكَثُرَ نَاصِرُوهُ، فَقَالَ بَعْضُنَا لِبَعْضٍ سِرًّا دُوْنَ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ إِنَّ أَمْوَالَنَا ضَاعَتْ وَإِنَّ اللّٰهَ قَدْ أَعَزَّ الْإِسْلامَ وَكَثُرَ نَاصِرُوْهُ، فَلَوْ أَقَمْنَا فِيْ أَمْوَالِنَا وَأَصْلَحْنَا مَا ضَاعَ مِنْهَا فَأَنْزَلَ اللّٰهُ تَعَالىٰ عَلىٰ نَبِيِّهِ مَا يَرُدَّ عَلَيْنَا مَا قُلْنَا: "وَأَنْفِقُوْا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ وَلَا تُلْقُوْا بِأَيْدِيْكُمْ إِلَى التَّهْلُكَةِ " وَكَانَتِ التَّهْلُكَةُ الْإِقَامَةَ عَلَى الْأَمْوَالِ وَإِصْلَاحِهَا وَتَرْكَنَا الْغَزْوَ، فَمَا زَالَ أَبُوْ أَيُّوْبَ شَاخِصًا فِيْ سَبِيْلِ اللّٰهِ حَتّٰى دُفِنَ بِأَرْضِ الرُّوْمِ »

[ابو داؤد، کتاب الجهاد، فی قوله تعالی: "ولا تلقوا بايديكم الى التهلكة" ٢٥١٢، ترمذی، کتاب التفسیرباب تفسیرسورة البقرة ٢٩٧٦، مستدرك حاكم: ٢٧٥/٢ ]

حضرت عمران بیان کرتے ہیں کہ ہم روم میں تھے کہ ایک مضبوط رومی دستہ ہماری طرف بڑھا۔ مسلمان مجاہدین کی طرف سے اسی طرح کا یا اس سے بھی بڑا دستہ انکے مقابلے کے لیے نکلا۔ مسلم لشکر کی ترتیب یوں تھی کہ اہل مصر پر عقبہ بن عامر اور باقی لوگوں پر فضالہ بن عبید امیر کمانڈر تھے۔ مسلمان مجاہدین میں سے ایک


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مجاہد رومیوں کی صف میں داخل ہو گیا اور لوگوں نے چلانا شروع کر دیا اور کہنے لگے کتنی عجیب بات ہے کہ یہ آدمی اپنے آپ کو اپنے ہاتھ سے ہلاکت میں ڈال رہا ہے۔

حضرت ابو ایوب رضی اللہ عنہ نے کھڑے ہو کر فرمایا: اے لوگو! تم اس آیت کی یہ تاویل کرتے ہو۔ حالانکہ یہ آیت ہم انصار کے بارے میں نازل ہوئی تھی جب اللہ نے اپنے نبی کو کامیاب کر دیا اور اسلام کو غلبہ عطا فرما دیا تو ہم میں سے کسی نے نبی اکرم صلی اللہ علیہ وسلم سے در پردہ یہ کہا کہ ہمارے مال ضائع ہو گئے ہیں اور اللہ نے اسلام کو غلبہ عطا فرما دیا ہے۔ اور اس کے مددگار بھی کافی ہیں۔ اگر ہم اپنے کاروبار میں لگ جائیں اور جو ضائع ہو گیا اس کی اصلاح کر لیں تو اس کے جواب میں اللہ تعالیٰ نے اپنے نبی پر یہ آیت نازل فرمائی: اللہ تعالیٰ کی راہ میں خرچ کرو اور اپنے ہاتھوں ہلاکت میں نہ پڑو۔ اور احسان کرو اللہ تعالیٰ احسان کرنے والوں کو پسند کرتا ہے۔ ہمارا اپنے آپ کو ہلاکت میں ڈالنا یہ تھا کہ اپنے اموال کی اصلاح میں لگ جائیں اور جہاد کو چھوڑ دیں۔ پس حضرت ابو ایوب ہمیشہ میدان جہاد میں ڈٹے رہے حتی کہ روم کی سرزمین میں دفن ہوئے۔“



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


## فدائی موت کو اس کی چوٹیوں گھاٹیوں سے تلاش کرتا ہے:

(( عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ عَنْ رَسُوْلِ اللّٰهِ ﷺ أَنَّهُ قَالَ: مِنْ خَیرِ مَعَاشِ النَّاسِ لَهُمْ، رَجُلٌ مُمْسِكٌ عِنَانَ فَرَسِهِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، یَطِیْرُ عَلیٰ مَتْنِهِ، كُلَّمَا سَمِعَ هَیْعَةً أَوْ فَزْعَةً طَارَ عَلَیْهِ، یَبْتَغِی الْقَتْلَ وَالْمَوْتَ مَظَانَّهُ ))

[مسلم، كتاب الامارة، باب فضل الجهاد والرباط رقم:١٨٨٩]

حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ''لوگوں میں سے بہترین زندگی والا شخص وہ ہے جو اپنے گھوڑے کی لگام کو اللہ کی راہ میں تھامے ہوئے ہے۔ جب بھی کسی شور وشغب یا گھبراہٹ کی آواز سنتا ہے تو اس کی پیٹھ پر اڑ کر پہنچتا ہے وہ قتل اور موت کو موت کی گھاٹیوں سے تلاش کرتا ہے۔''

(( عَنْ أَبِیْ هُرَیْرَةَ رَضِیَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ: قَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: یَاتِیْ عَلَی النَّاسِ زَمَانٌ أَحْسَنُ النَّاسِ فِیْهِمْ رَجُلٌ آخِذٌ بِعِنَانِ فَرَسِهِ فِیْ سَبِیْلِ اللّٰهِ، كُلَّمَا سَمِعَ بِهَیْعَةٍ اسْتَوَی عَلیٰ مَتْنِهِ، ثُمَّ طَلَبَ الْمَوْتَ مَظَانَّهُ ))

[مسند أبی عوانة ٥/٩٥]


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


حضرت ابو ہریرہ رضی اللہ عنہ سے روایت ہے کہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم نے فرمایا "لوگوں پر ایسا زمانہ آئے گا کہ ان میں سے بہترین وہ شخص ہوگا جو اپنے گھوڑے کی لگام کو اللہ کے راستے میں تھامے ہوئے ہوگا۔ جب بھی وہ کسی شور وشغب کو سنتا ہے، تو اس کی پیٹھ پر بیٹھ جاتا ہے، پھر موت کو موت کی گھاٹیوں سے تلاش کرتا ہے۔"

امام ابو عبداللہ القرطبی اپنی تفسیر میں فرماتے ہیں:

(( اِخْتَلَفَ الْعُلَمَاءُ فِی اِقْتِحَامِ الرَّجُلِ فِی الْحَرْبِ وَحَمْلِهٖ عَلَی الْعَدُوِّ وَحْدَهٗ ))

علماء کا اختلاف ہے کہ آدمی اکیلا جنگ میں کود پڑے اور اکیلا ہی دشمن پر حملہ کردے۔ پھر علماء کے اقوال نقل کرتے ہوئے کہتے ہیں۔

(( فَقَالَ الْقَاسِمُ بْنُ مُخَيْمَرَةَ وَالْقَاسِمُ بْنُ مُحَمَّدٍ وَغَيْرُهِمَا مِنْ عُلَمَائِنَا : لَابَاسَ اَنْ يَّحْمِلَ الرَّجُلُ وَحْدَهٗ عَلَی الْجَيْشِ الْعَظِيْمِ، اِذَا كَانَ فِيْهِ قُوَّةٌ، وَكَانَ لِلّٰهِ بِنِيَّةٍ خَالِصَةٍ ))

قاسم بن مخیمرۃ اور قاسم بن محمد اور ان کے علاوہ ہمارے دیگر علماء کہتے ہیں کہ کوئی حرج نہیں ہے کہ ایک اکیلا شخص ایک بڑے لشکر


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


پر تنہا ہی حملہ کر دے اور اگر اس کی نیت خالص اللہ کی رضا کا حصول ہو اور اس میں اس حملہ کی قوت بھی ہو۔

﴿ وَقِيْلَ اِذَا طَلَبَ الشَّهَادَةَ وَخَلَصَتِ النِّيَّةُ فَلْيَحْمِلْ عَلَى الْعَدُوِّ لِاَنَّ مَقْصُوْدَهٗ وَاحِدٌ مِنْهُمْ ﴾

اور یہ بھی کہا گیا ہے کہ جب اس کی طلب شہادت ،نیت خالص اللہ کے لئے ہوتو حملہ کر ڈالے کہ یہی تو اس کا مقصود ہے۔

﴿ وَقَالَ ابْنُ خُوَيْزُ مَنْدَادِ: فَاَمَّا اَنْ يَّحْمِلَ الرَّجُلُ عَلَى مِائَةٍ اَوْ جَمَاعَةِ اللُّصُوْصِ اَوْ جُمْلَةَ الْعَسْكَرِ فَاِنَّ عَلِمَ وَغَلَبَ عَلٰى ظَنِّهٖ اَنَّهٗ سَيُقْتَلُ مِنْ حَمْلٍ عَلَيْهِ وَيَنْجُوْ فَحَسَنٌ وَكَذٰلِكَ لَوْ عَلِمَ وَغَلَبَ عَلَى ظَنِّهٖ اَنَّهٗ سَيُقْتَلُ وَلٰكِنْ سَيُنْكِى فِى الْعَدُوِّ نِكَايَةً اَوْ يُؤَثِّرُ فِيْهِمْ اَثْرًا يَنْتَفِعُ بِهٖ الْمُسْلِمُوْنَ جَائِزٌ اَيْضًا ﴾

ابن خویز منداد کہتے ہیں۔اگر ایسی صورت شکل بنے کہ ایک آدمی ایک سو پر حملہ کرے یا چوروں کی جماعت یا گروہ پر حملہ کرے یا بڑے لشکر پر اکیلا ہی حملہ کر دے' ان تمام صورتوں میں اگر اسے علم ہے اور ظن غالب ہے کہ جس پر وہ حملہ کرے گا' اسے قتل کر دے گا


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


اور خود بچ جائے گا تو بہتر ہے۔ اسی طرح اگر اسے یقین ہے کہ وہ خود تو قتل ہو جائے گا لیکن اس کے حملہ سے دشمن کا بہت زیادہ نقصان ہوگا اور وہ دشمن پر ایسا اثر یا اثرات چھوڑے گا جس سے مسلمانوں کو فائدہ پہنچے گا تو جائز ہے۔

« وَقَالَ مُحَمَّدُ بْنُ الْحَسَنِ لَوْ حَمَلَ رَجُلٌ وَاحِدٌ عَلَى اَلْفِ رَجُلٍ مِنْ الْمُشْرِكِيْنَ وَهُوَ وَحْدَهٗ لَمْ يَكُنْ فِي ذٰلِكَ بَأسٌ اِذَا كَانَ يَطْمَعُ فِي نِجَاةٍ اَوْ نِكَايَةٍ فِيْ الْعُدُوِّ فَاِنْ كَانَ قَصْدُهٗ تَجْرِئَة الْمُسْلِمِيْنَ عَلَيْهِمْ ' لِيَصْنَعُوْا مِثْلَ صَنِيْعِهٖ فَلَا مَانِعَ مِنْ ذٰلِكَ لِاَنَّ فِيْهِ نَفْعًا لِلْمُسْلِمِيْنَ عَلَيْهِمْ كَذٰلِكَ يَجُوْزُ اِنْ كَانَ قَصْدُهٗ اِرْهَابَ الْعَدُوِّ لِيَعْلَمَ صَلَابَةَ الْمُسْلِمِيْنَ فِيْ الدِّيْنِ وَاِنَّ تَلَفَ النَّفْسِ لِاعْزَازِ دِيْنِ اللّٰهِ وَاِضْعَافِ الْكُفَّارِ مَقَامٌ عَظِيْمٌ شَرِيْفٌ مَدَحَ اللّٰهُ بِهٖ الْمُسْلِمِيْنَ فِي قَوْلِهٖ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰى مِنَ الْمُؤْمِنِيْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ »

محمد بن حسن (شیبانی) کہتے ہیں: اگر ایک مسلمان ایک ہزار مشرکین پر


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



اکیلا ہی حملہ کردے تو بھی اس میں کوئی حرج نہیں ہے جبکہ وہ نجات کی امید رکھتا ہو یا اسے اس حملہ میں دشمن کے زبردست نقصان کی امید ہو۔

اگر اس کا ارادہ یہی ہو کہ اس کے اکیلے حملہ کردینے سے مسلمانوں میں جرأت وہمت بڑھے گی اور وہ بھی اس طرح دلیرانہ حملہ کریں گے تو اس فدائی حملہ میں کوئی مانع نہیں ہے کیونکہ اس میں مسلمانوں کا نفع مضمر ہے۔ اسی طرح اگر اس کا قصد اس 'فدائی'' حملہ سے دشمن کو خوفزدہ کرنا ہی ہو تا کہ کفار کو مسلمانوں کی اپنے دین سے محبت اور دین پر سختی معلوم ہو جائے تو بھی ٹھیک ہے اور بے شک اپنے نفس کو قربان کرنا اللہ کے دین کی سربلندی کیلئے اور کافروں کو کمزور کرنے کے لئے ایک نہایت بلند وعظیم مقصد ہے جس پر اللہ تعالیٰ نے مسلمانوں کی تعریف وحوصلہ افزائی فرمائی ہے۔ چنانچہ فرمایا:

﴿ اِنَّ اللّٰهَ اشْتَرٰی مِنَ الْمُؤْمِنِیْنَ اَنْفُسَهُمْ وَاَمْوَالَهُمْ بِاَنَّ لَهُمُ الْجَنَّةَ ﴾

''بے شک اللہ نے مومنین سے ان کے مالوں اور جانوں کا جنت کے بدلے سودا کرلیا ہے۔''

فدائی عمل کے اثبات ومشروع کے لئے یہ چند مثالیں اور علماء کی آراء واقوال ہم نے ذکر کئے ہیں۔ اس سے ہمیں مجاہدین وفدائین کے ذہن کو سمجھنے میں مدد ملتی ہے۔ منہج وطریقہ کا علم ہوتا ہے۔ آج بھی فدائی کارروائیاں



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



ہو رہی ہیں۔ ہر روز اور ہر رات ہم لشکر طیبہ کے فدائی معرکوں کی خبریں سنتے ہیں۔ اسی طرح سے شہادتیں اور للکاریں ہیں۔ صحابہ کرام اور قرون اولی کے ان فدائی معارک اور کارروائیوں کو ایک طرف رکھیں اور لشکر طیبہ کے فدائی اعمال وکارروائیوں کو دوسری طرف اور پھر موازنہ کریں تو بے حد مماثلت اور مشابہت نظر آتی ہے۔ مثلاً لشکر طیبہ کے فدائیوں کا دلی کے لال قلعہ پر حملہ' سرینگر بادامی باغ کے ۱۵ کور کے ہیڈ کوارٹر پر فدائی حملہ' سری نگر کے فوجی ہوائی اڈہ پر فدائی حملہ' سری نگر کے پولیس ہیڈ کوارٹر پر فدائی حملہ' ان تمام حملوں میں دو دو چار چار فدائی شریک ہوئے۔ بھر پور قوت وجرأت کے ساتھ انتہائی تیز رفتاری سے حملے ہوئے۔ حد درجہ بسالت وشجاعت اور بے خوفی کے ساتھ ہندو فوجی افسروں کو قتل کیا۔ میجر پرشوتم کے دفتر سے اسی کے فون سیٹ سے بی بی سی سے رابطہ کر کے ان کو بتلایا کہ ہم لشکر کے فدائی ہیں اور چھاؤنیوں کے اندر سے گفتگو کر رہے ہیں'' نكاية فى العدو'' اور ''ارهاب العدو'' کا مصداق ہوئے۔ شیخوپورہ کے قاری ابومرصد عبدالرحمٰن شہید کا موقف ''فيقتل او يغلب'' کہ غلبہ پانے کے لئے قتل تو ہونا پڑے گا۔ اپنے بیٹے کو گود میں لے کر کہا' میں دیکھ رہا ہوں کہ ایک شہید کے بیٹے کے ساتھ یہ معاشرہ کیا سلوک کرے گا۔ اپنی شہادتوں کا اس قدر یقین!

ابن سیرین کہتے ہیں' براء بن مالک بیماری تکلیف میں تھے۔ اوندھے



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


لیٹ کر کراہ رہے تھے کہ انس بن مالک نے کہا' بھائی اللہ کا ذکر کرو۔ وہ سمجھے کہ شاید آخری وقت ہو تو براء بن مالک فوراً جھٹکے سے اٹھ بیٹھے اور جوش میں آ کر کہنے لگے کہ اے انس میرے بھائی میں اپنے بستر پر نہیں مروں گا۔ میں نے تو ایک سو مشرک کو مبارزۃً قتل کیا ہے اور پھر اسی یقین پر اللہ تعالی نے اس عظیم فدائی کو شہادت کی موت عطا کی۔ تستر شہر میں ایرانیوں کو شکست دے کر شہادت حاصل کی۔ اسی طرح سلمان بن ربیعہ الباھلی رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ

«قَتَلْتُ بِسَيْفِى هٰذَا مِائَةَ مُسْتَلْئِمٍ كُلُّهُمْ يَعْبُدُ غَيْرَ اللّٰهِ مَا قَتَلْتُ مِنْهُمْ رَجُلًا صَبْرًا»

سلیمان بن ربیعہ بہت بڑے فدائی تھے' کہتے ہیں کہ میں نے اپنی تلوار سے ایک سو ایسے آدمی قتل کئے ہیں جو کہ خود اور زرہ بکتر پہنے ہوئے تھے اور سب غیر اللہ کی عبادت کرتے تھے' مشرک تھے۔ میں نے ان کو بھرپور مقابلوں کے بعد قتل کیا ہے کسی کو بھی باندھ کر قیدی بنا کر قتل نہیں کیا۔

میں فدائی واقعات کے ذکر سے بحث کو طول نہیں دینا چاہتا مگر ایک واقعہ تو ایسا ہے کہ میرا دل مانتا ہی نہیں کہ میں اسے ذکر کئے بغیر آگے چلوں بلکہ لشکر طیبہ کے فدائیوں کیلئے میں اسے تحفہ کے طور پر پیش کرتا ہوں۔ یہ واقعہ بسر بن ارطاۃ رضی اللہ عنہ کے بارے میں ہے۔ حافظ ابوالحجاج المِزّی رحمہ اللہ


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


نے علاء بن سفیان الحضرمی سے روایت کیا ہے۔

« قَالَ: غَزَا بُسْرُ بْنُ أَرْطَاةَ رَضِیَ اللّٰہُ عَنْہُ الرُّوْمَ وَصَارَ الرُّوْمُ یَکْمِنُوْنَ لِسَاقَةِ الْجَیْشِ الْمُجَاھِدِ وَیُصِیْبُوْنَ مِنْہُ وَلَمَّا رَأی بُسْرُ بْنُ أَرْطَاة ذٰلِكَ اَخَذَ مَعَہٗ مِائَةً مِنْ اَصْحَابِہٖ، وَرَاحَ یَبْحَثُ عَنِ الْکَمَائِنِ الرُّوْمِیَةِ۔ وَانْفَرَدَ یَوْمًا فِی بَعْضِ اَوْدِیَةِ الرُّوْمِ، وَرَأیٰ فِی الْوَادِیْ کَنِیْسَةً، وَرَأیٰ نَحوَ ثَلَاثِیْنَ بَرْذُوْنًا مَرْبُوْطَةً بِجَانِبِ الْکَنِیْسَةِ وَکَانَ فُرسَانُ تِلْكَ الْبَرَاذِیْنِ دَاخِلَ الْکَنِیْسَةِ وَھُمْ الَّذِیْنَ کَانُوْا یَکْمِنُوْنَ الْکَمَائِنَ لِلْمُسْلِمِیْنَ،

تَوَجَّہَ بُسْرُ بْنُ اَرْطَاةَ نَحْوَ الْکَنِیْسَةِ وَنَزَلَ عَنْ فَرَسِہٖ وَرَبَطَہٗ وَبِجَانِبِ البَرَاذِیْنِ ثُمَّ دَخَلَ الْکَنِیْسَةَ وَأَغْلَقَ عَلَیْہِ وَعَلٰی الْفُرْسَانِ بَابَ الْکَنِیْسَةِ وَعَجِبَ فُرْسَانُ الرُّوْمِ مِنْ إِغْلَاقِ الْبَابِ وَفُوْجِئُوْا بِہٖ یَھْجِمُ عَلَیْھِمْ، وَمَا اَنْ اَخَذُوْا سَلَاحَھُمْ حَتّٰی کَانَ قَدْ قَتَلَ مِنْھُمْ ثَلَاثَةً وَاشْتَبَكَ مَعَھُمْ۔

وَفَقَدَہٗ أَصْحَابُہٗ وَبَحَثُوْا عَنْہُ وَرَأَوْا فَرَسَہٗ عِنْدَ


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


الْكَنِيْسَةِ، فَتَوَجَّهُوْ نَحْوَهَا وَسَمِعُوْا الْجَلبَةَ وَصَوْتَ السِّلَاحِ فِىْ الْكَنِيْسَةِ وَأَرَادُوْا الدُّخُوْلَ لَكِنَّ بَابُهَا مُغْلَقٌ مِنَ الدَّاخِلِ فَقَلعُوْا بَعْضَ السَّقْفِ ثُمَّ نَزَلُوْا عَلَيْهِمْ،

وَرَأَوا قَائِدَهُمْ مُمْسِكًا بِطَائِفَةٍ مِنْ اَمْعَائِهٖ بِيَدِهٖ الْيُسْرٰى وَهُوَ يُقَاتِلُهُمْ بِالسَّيْفِ بِيَدِهِ الْيُمْنٰى۔ وَلَمَّا دَخَلَ اَصْحَابُهٗ الْكَنِيْسَةَ سَقَطَ بُسْرُ مَغْشِيًّا عَلَيْهِ وَتَغَلَّبَ الْمُسْلِمُوْنَ عَلى فُرْسَانِ الرُّوْمِ فَقَتَلُوْا بَعْضَهُمْ وَأَسَرُوْا الْبَاقِيْنَ وَقَالَ الاَسْرٰى الرُّوْمِ لِلْمُسْلِمِيْنَ۔

نُنْشِدُكُمْ بِاللّٰهِ مَنْ هٰذَا الرّجُلُ الَّذِىْ هَجَمَ عَلَيْنَا وَحْدَهٗ وَقَاتَلَنَا؟

قَالُوْا: هٰذَا بُسْرُ بْنُ اَرْطَاة

قَالُوْا: وَاللّٰهِ مَاوَلَدَتِ النِّسَاءُ مِثْلَهٗ وَرَدُّوْا أَمْعَائَهٗ فِى جَوفِهٖ، وَلَمْ يَنْخَرِقْ مِنْهٗ شِئٌ ثُمَّ عَصَبُوْهٗ بِعَمَائِمِهِمْ وَبَعْدَ ذٰلِكَ خَاطُوْا بَطْنَهٗ فَسَلِمَ وَعَوْفِى وَاَسْتَئْنَفَ الْجِهَادَ رَضِىَ اللّٰهُ عَنْهٗ »


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



کہتے ہیں کہ بسر بن ارطاۃ رضی اللہ عنہ رومیوں سے برسرِ پیکار تھے کہ رومی کافر مجاہدین کے لشکر کے ساقہ یعنی پچھلے حصہ پر گھات Ambush لگانے لگے یعنی پچھلے حصہ لشکر پر چھپ کر حملہ کرتے' نقصان پہنچاتے اور غائب ہو جاتے۔ جب بسر بن ارطاۃ رضی اللہ عنہ نے یہ کیفیت دیکھی تو اپنے میں سے ایک سو کے قریب مجاہدوں کو لے کر Anti Ambush پر نکل کھڑے ہوئے۔ کسی روز روم کی کسی وادی میں تنہا تھے کہ ان کی نظر وادی میں ایک گرجا پر پڑی تو کیا دیکھتے ہیں' تقریباً تیس کے قریب خچر گرجا کے گرد بندھے ہیں اور ان خچروں کے سوار گرجا کے اندر پناہ گزین ہیں۔ یہی وہ Ambush Team کے لوگ تھے۔ یہ دیکھ کر بسر رضی اللہ عنہ گرجا کی طرف بڑھے۔ اپنے گھوڑے کو کافروں کے خچروں کے قریب باندھا۔ گرجا میں جا گھسے۔ اکیلے' تن تنہا اور رومی تیس کے قریب۔ یہی نہیں کہ اکیلے اندر جا گھسے بلکہ گرجا کا دروازہ' پھاٹک اندر سے بند کرلیا اور رومی کافروں پر حملہ کردیا۔ رومی اس اچانک اُفتاد وحملہ سے گھبرا اٹھے اور متعجب بھی ہوئے کہ اس مسلم کمانڈر کی نیت کیا ہے جو اس نے اندر سے دروازہ بھی بند کرلیا ہے۔ فدائی کی پھرتی دیکھو ابھی رومی کافر اپنا اسلحہ اٹھا بھی نہ پائے تھے کہ بسر رضی اللہ عنہ نے ان کے تین آدمی قتل کردیئے اور باقیوں سے بھڑ گئے۔ گھوم گھوم کر چومکھا وار کرنے لگے۔

ادھر پیچھے ساتھیوں نے تلاش شروع کی۔ ان کو بھی گرجا اور گرجا کے گرد



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


بسر رضی اللہ عنہ کا گھوڑا اور رومیوں کے خچر دیکھ کر معاملہ سمجھ آ گیا اور وہ گرجا کے اندر سے اسلحہ کی جھنکار اور لڑائی سن رہے تھے مگر دروازہ اندر سے بند ہونے کے باعث داخل نہ ہو سکتے تھے۔ سو چھت پھاڑ کر اندر اترے تو کیا دیکھتے ہیں کہ ان کا قائد' کمانڈر' فدائی بسر بن ارطاۃ اس حال میں ہے کہ اپنے بائیں ہاتھ میں اپنی انتڑیاں پکڑ رکھی ہیں اور دائیں ہاتھ سے تلوار گھماتا ہوا رومیوں سے قتال کر رہا ہے۔ اللہ اکبر۔ یہ ہے نا مصداق اس حدیث کا جو ہمیں رباط کے دورہ میں امیر لشکر طیبہ ذکی الرحمان درس دیا کرتے ہیں۔ "يبتغى القتل والموت مظانه" (کہ موت اور قتل کو اس کی جگہوں سے تلاش کرتا ہے۔) گرجا کا دروازہ اندر سے بند کر کے اکیلا بسر رضی اللہ عنہ ۳۰ کے قریب رومیوں کافروں سے لڑتے ہوئے اپنی جنت ڈھونڈ رہا ہے۔ رومی Ambush پارٹی کا خاتمہ کر رہا ہے۔ یہ ہے Anti Ambush' بسر بن ارطاۃ رضی اللہ عنہ اپنے ساتھیوں کے پہنچنے پر غشی کھا کر گر پڑے۔ ساتھیوں نے بقیہ رومیوں کو قتل و قید کیا۔

قیدی رومی بسر رضی اللہ عنہ کے ساتھیوں سے پوچھنے لگے' تم کو اللہ کی قسم ہے بتلاؤ کہ یہ آدمی کون ہے۔ جس نے اکیلے ہم پر حملہ کیا اور ہم سے جنگ کی۔ ساتھیوں نے بتلایا کہ یہ ہمارا امیر بسر بن ارطاۃ رضی اللہ عنہ ہے۔

کہنے لگے اللہ کی قسم! ماؤں نے اس جیسا جوان پیدا ہی نہیں کیا' رومیوں


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


سے نمٹ کر ساتھیوں نے بسر رضی اللہ عنہ کی انتڑیاں سمیٹ کر اندر ڈالیں۔ اتفاق سے انتڑیاں کٹی نہیں تھیں۔ پھٹے پیٹ کو پگڑیوں سے باندھا' لے جا کر بسر رضی اللہ عنہ کا پیٹ سی دیا۔ اللہ تعالیٰ نے بسر رضی اللہ عنہ کو بچالیا۔ صحت بحال ہوگئی تو بسر رضی اللہ عنہ دوبارہ جہاد میں شریک ہوگئے۔

سبحان اللہ! فدائیت موت نہیں ہے' ایک جہادی شان ہے۔ اللہ سے پیار اور دین اسلام پر دیوانہ وار قربانی کی ایک شکل ہے۔ مگر جیسے ہم ہر عمل میں سلف کی سنت وطریقہ کو لازم پکڑتے ہیں اور ضروری سمجھتے ہیں' اس مسئلہ میں بھی ہمیں سلف صالحین' شہداء' مجاہدین کی سنت وطریقہ کو ملحوظ رکھنا ہے۔

فداویہ کی بہت ساری مثالیں جو ہم نے ذکر کی ہیں' ان سب میں تکنیکی حوالہ سے ایک بات مشترک ہے۔ وہ ہے قتال۔ مسلمان یہ ذہن رکھتا ہے کہ اللہ تعالیٰ نے قتال فرض کیا ہے۔ قتال کی معراج شہادت ہے۔ شکلی حوالہ سے صدر اول سے لے کر لشکر طیبہ کے جہاد کشمیر تک کی فدائی کارروائیوں میں ایک بات جو بطور خاص اھل السنہ کے ہاں ملحوظ رہی ہے' وہ ہے کہ اس فدائی عمل میں ذہن فدائی ہو' شکل لڑائی ہو' حَمَلَ عَلىٰ الْعَدُوِّ فَقَاتَلَ حَتّٰى قُتِلَ " (کہ دشمن پر حملہ کرے پس لڑائی کرے یہاں تک کہ شہید ہوجائے) یہ شعار ہر جگہ اور ہر فدائی کے ہاں ملحوظ رکھا گیا ہے۔


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


## انس بن نضر کی شہادت کے لیے تڑپ:

(( عَنْ أَنَسٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ عَمِّي الَّذِي سُمِّيتُ بِهِ لَمْ يَشْهَدْ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ بَدْرًا فَشَقَّ عَلَيْهِ قَالَ أَوَّلُ مَشْهَدٍ شَهِدَهُ رَسُولُ اللّٰهِ ﷺ غِبْتُ عَنْهُ وَإِنْ أَرَانِي اللّٰهُ مَشْهَدًا فِيهَا بَعْدُ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ لَيَرَانِي اللّٰهُ تَعَالٰى مَا أَصْنَعُ قَالَ فَهَابَهُ أَنْ يَقُولَ غَيْرَهَا قَالَ فَشَهِدَ مَعَ رَسُولِ اللّٰهِ ﷺ يَوْمَ أُحُدٍ قَالَ فَاسْتَقْبَلَ سَعْدُ بْنُ مُعَاذٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ فَقَالَ لَهٗ أَنَسٌ يَا أَبَا عَمْرٍو أَيْنَ؟ فَقَالَ وَاهًا لِرِيحِ الْجَنَّةِ أَجِدُهُ دُونَ أُحُدٍ قَالَ فَقَاتَلَهُمْ حَتّٰى قُتِلَ قَالَ فَوُجِدَ فِي جَسَدِهِ بِضْعٌ وَّثَمَانُونَ مِنْ بَيْنِ ضَرْبَةٍ وَّطَعْنَةٍ وَّرَمْيَةٍ قَالَ فَقَالَتْ أُخْتُهُ عَمَّتِي الرُّبَيِّعُ بِنْتُ النَّضْرِ فَمَا عَرَفْتُ أَخِي إِلَّا بِبَنَانِهِ وَنَزَلَتْ هٰذِهِ الْآيَةُ: ﴿ مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللّٰهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُمْ مَّنْ قَضٰى نَحْبَهُ وَمِنْهُمْ مَّنْ يَّنْتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا ﴾ ))

[ مسلم، کتاب الامارة باب ثبوت الجنة للشهيد رقم: ١٩٠٣ ]


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



حضرت انس بن مالک رضی اللہ عنہ بیان کرتے ہیں کہ میرے چچا انس بن نضر رضی اللہ عنہ رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ بدر کے معرکہ میں شریک نہ ہو سکے تو ان کو اس کا بڑا صدمہ ہوا۔ کہتے ہیں پہلا معرکہ جس میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم تھے میں اس سے غائب تھا اللہ کی قسم! اگر اب اللہ تعالیٰ نے کسی معرکہ میں رسول اللہ صلی اللہ علیہ وسلم کے ساتھ کی تو اللہ دیکھے گا میں کیا کرتا ہوں؟ آئندہ سال جب احد کا موقع آیا تو سعد بن معاذ رضی اللہ عنہ ان کے سامنے آئے کہنے لگے اے ابو عمرو! جنت کی خوشبو کے کیا کہنے احد پہاڑ کے دوسری طرف سے مجھے جنت کی خوشبو آ رہی ہے۔

پھر وہ بڑی شجاعت سے لڑے حتی کہ شہید ہو گئے ان کے جسم پر اسی سے زیادہ تلوار، نیزے اور تیروں کے زخم پائے گئے۔

میری پھوپھی ربیع بن نضر رضی اللہ عنہ کہتی ہیں کہ میں نے اپنے بھائی کی صرف ہاتھ کے پوروں سے پہچان کی۔

حضرت انس رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ یہ آیت نازل ہوئی:

﴿ مِّنَ الْمُؤْمِنِينَ رِجَالٌ صَدَقُوا مَا عَاهَدُوا اللَّهَ عَلَيْهِ فَمِنْهُم مَّن قَضَىٰ نَحْبَهُ وَمِنْهُم مَّن يَنتَظِرُ وَمَا بَدَّلُوا تَبْدِيلًا ﴾



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


مومنوں میں سے بعض ایسے ہیں جنہوں نے جو اللہ تعالیٰ سے وعدہ
کیا اس پر سچے اترے بعض اپنی تمنا پا گئے اور بعض انتظار میں ہیں
اوران کے پائے استقامت میں کوئی لغزش نہیں آئی۔

ہر فدائی کارروائی میں زمانہ صحابہ سے لے کر لشکر طیبہ کے جوانوں تک آپ کو یہی تکنیک نظر آئے گی۔ مقاتلہ' مبارزۃ' فاضربوا' واقتلوا' وخذوا' واحصروا۔ اس قدر کثرت سے اس لفظ کا تکرار ہے (( فقاتل حتی قتل )) ہمارے لشکر طیبہ کے جوان بھی اسی طرح فدائی کارروائی کرتے ہیں ۔کیمپ پر حملہ کرتے ہیں۔ تاک تاک کے نشانے لگاتے ہیں۔ ان کو مارتے جاتے ہیں ۔ گھستے ہی چلے جاتے ہیں۔لڑائی میں شدت آتی ہے اور اکثر مجاہدین لڑتے ہوئے اپنے نکلنے کا راستہ بناتے ہیں اور اکثر اوقات اللہ کی مدد سے سلامتی کے ساتھ نکلنے میں کامیاب ہوجاتے ہیں۔ اور کبھی لڑائی کی شدت میں شہید بھی ہوجاتے ہیں۔ دیکھنے میں آیا ہے کہ اکثر اوقات ہندو فوجی اپنی بے پناہ تعداد کے باوجود ان کے آگے لگ کر بھاگ کھڑے ہوتے ہیں۔ یا بے پناہ نقصان اٹھانے کے بعد اس فدائی کو شہید کر دیتے ہیں۔ یہی تو اس کا مطلوب ہوتا ہے۔

ہم بجا طور پر یہ کہہ سکتے ہیں کہ فدائیت میں شکل اور طریقہ یہی ہے۔


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


مارو، وار کرو، للکارو، عقیدہ اور ایمان کی مضبوطی دکھاؤ۔ اللہ بھی دیکھے، اس کے بندے بھی دیکھیں کہ کس طرح سے مجاہد اسلام پر فدا ہوتا ہے۔ کافر بھی دیکھیں۔ مسلمانوں کے بارے میں ان کا ذہن بدلے، مسلمانوں کی جرات وشجاعت، بے خوفی، شہادت سے پیار، دشمن کو یہی باتیں تو خوف زدہ کر کے پیچھے ہٹ جانے پر مجبور کرتی ہیں۔

صلیبی جنگوں میں مسلمانوں کو صلیبیوں کے خلاف جو عظیم کامیابیاں حاصل ہوئی ہیں، ان کا سہرا انہی فدائیوں کے سر ہے۔ اس میں مثالی فدائیت کا دخل ہے۔ صلاح الدین ایوبی کے پاس جو سب سے بڑی قوت تھی، وہ اس کے فدائی ہی تو تھے جن کی دہشت سے جرمنی، آسٹریا اور انگلستان کے ہنری، فریڈرک اور رچرڈ شیر دل، گیدڑ بن گئے تھے۔ اور یہ تو تاریخ سے ثابت ہے کہ صلاح الدین نے ان فدائیوں کو کس طرح اپنے بیٹوں سے کہیں زیادہ محبت کے ساتھ پالا تھا۔ اور ان کی ٹریننگ خود کی تھی۔ ننگے بدن بغیر زرہوں کے لڑنے، دوڑنے، حملہ کرنے کی مشق کروائی تھی۔ مٹھی بھر بھنے ہوئے چنے لے کر یروشلم کے تپتے دہکتے صحرا میں دن بھر ہلکے پیٹ اور ہلکے وزن کے ساتھ تیز رفتار گھوڑوں پر صلیبی لشکر کو بھگا بھگا کر مارا۔ اللہ کی قسم فدائی کی تو شان ہی نرالی ہوتی ہے۔ اسی وجہ سے تو (ایوبی کی اصل قوت یہی فدائی تھے)

رچرڈ Richard نے یورپ کی گیارہ ریاستوں سے ان کی آمدنی کا دسواں


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


حصہ ایک بہت بڑے اجلاس میں یورپ کے بادشاہوں سے مانگا تھا کہ صلاح الدین ایوبی کے خلاف لڑنے اور یروشلم کو چھڑانے کے لئے مال چاہیے۔ یہی تو وہ Tenth تھا جو بعد میں لفظی بگاڑ سے Tax میں بدل گیا' یاد رہے کہ رومن زبان میں دس کو X سے ظاہر کرتے ہیں۔ صرف یہی نہیں بلکہ ہم تو تاریخ سے اس کا اثبات رکھتے ہیں کہ لندن شہر بھی For sale تھا' Richard نے اسے فروخت کرنے کا اعلان کیا تھا کہ میں لندن شہر فروخت کروں گا' یورپ کا کوئی بھی بادشاہ اسے خرید لے اور اس رقم سے صلاح الدین کے خلاف جنگ کا خرچہ مہیا کروں گا۔ قتالی فدائی حملے دشمن کی نفسیات کو چور چور کردیتے ہیں۔ اس کے حوصلوں کو پست کردیتے ہیں۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے فدائیوں کے نام سے ہی تو قبرص کے بادشاہ کو خوفزدہ کیا تھا' دھمکایا تھا۔ جب اس نے قبرص کے ساحلی علاقہ کے مسلمانوں کو ظلماً قید کرلیا تھا اور غلام بنا لیا تھا۔ شیخ الاسلام ابن تیمیہؒ نے قبرص کے عیسائی بادشاہ ''سجوان'' کو خط لکھا۔ اسے اسلام قبول کرنے کی دعوت دی۔ عقیدہ توحید کا اثبات اور تثلیث ومسیحیت کا رد کیا۔ پھر اسے کہا کہ مسلمانوں کو غلام بنانے اور قید کرنے کی تمہیں کس طرح ہمت ہوئی۔ کیا تم جانتے نہیں ہو کہ مسلمان اپنے بھائیوں کے حقوق وآزادی کے غصب کئے جانے کا انتقام لیں گے۔ پھر کہا:


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



« ثُمَّ عِنْدَ الْمُسْلِمِيْنَ مِنَ الْفِدَاوِيَةِ مَنْ قَدْ بَلَغَ الْمَلِكَ خَبَرُهُمْ قَدِيْمًا وَحَدِيْثًا الَّذِيْنَ يَغْتَالُوْنَ الْمُلُوكَ عَلَى فُرُشِهِمْ وَعَلَى اَفْرَاسِهِمْ »

یہ بھی یاد رکھو کہ مسلمانوں کے پاس ایسے ایسے فدائی ہیں جو بادشاہوں کوان کے تختوں پر سے اچک لیتے ہیں یا خفیہ قتل کر دیتے ہیں اور ان کو اپنے گھڑ سوار دستوں کے اندر سے اٹھا لیتے ہیں۔ بادشاہ کو تاریخ کے قدیم وجدید سے اس کی خبر ہونی چاہیے۔

شیخ الاسلام ابن تیمیہ رحمہ اللہ نے فدائی عمل کو نہ صرف سراہا اور پسند کیا بلکہ اسے ایک بہت بڑی جہادی عسکری قوت کے طور پر استعمال بھی کیا۔ کافروں کو اس کا ڈراوا بھی دیا۔ یہی اصل اور صحیح فدائیت ہے۔ صحابہ کرام رضوان اللہ علیہم اجمعین اسی طرح کی فدائی کارروائی کرتے تھے اور عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نے تو فیصلہ ہی کر ڈالا' صاف صراحت فرمائی۔ اپنے آپ کو فدا کرنے کے لئے اللہ تعالی سے دعا فرمائی۔

حضرت سعد بن ابی وقاص رضی اللہ عنہ کہتے ہیں کہ مجھ سے عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نے جنگ احد میں کہا۔ اے سعد! تم اللہ پاک سے دعا کیوں نہیں مانگتے؟ اس کے بعد یہ دونوں ایک گوشہ میں گئے۔ حضرت سعد نے اس طرح دعا مانگی کہ اے میرے رب! جب دشمنوں سے مڈبھیڑ ہو تو میرے سامنے



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


ایک ایسے آدمی کو لا جو سخت حملہ آور ہو اور بہت ہی قتال میں ہو۔ میں اس سے لڑوں اور وہ مجھ سے لڑے۔ پھر مجھے اس پر کامیابی کی توفیق عطا فرما کہ میں اسے قتل کر دوں اور اس کا سارا مال لے لوں۔ ان کی دعا پر حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نے آمین کہی۔

پھر حضرت عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ نے دعا مانگی۔

«اَللّٰهُمَّ ارْزُقْنِی رَجُلًا شَدِیْدًا حَرْدُهٗ، شَدِیْدًا بَاسُهٗ اُقَاتِلُهٗ یُقَاتِلُنِی ثُمَّ یَأْخُذْنِی فَیَجْدَعُ اَنْفِی وَاُذُنِی»

[یہ حدیث صحیح ہے۔ مستدرك حاكم ۲/۷٦-۷۷، حلیة الاولیاء ۱/۱۰۹]

اے میرے اللہ! مجھے ایک ایسے آدمی سے مقابلہ کی توفیق دے جو سخت حملہ آور ہو اور سخت جنگجو بھی۔ میں تیرے لیے اس سے لڑوں اور وہ مجھ سے لڑے پھر وہ مجھے پکڑے میری ناک بھی کاٹ دے میرے کان بھی کاٹ دے۔ جب میں کل روز قیامت تجھ سے ملوں تو پوچھے کہ کس لیے تیری ناک اور کان کاٹے گئے؟ میں عرض کروں کہ تیرے اور تیرے رسول صلی اللہ علیہ وسلم کے لیے میرے کان اور ناک کاٹے گئے۔ تو کہے کہ ہاں! تو سچ کہتا ہے۔ حضرت سعد نے آمین کہی۔

حضرت سعد اپنے بیٹے سے کہتے تھے کہ عبداللہ بن جحش رضی اللہ عنہ کی دعا میری دعا سے بہتر رہی۔ میں نے اسی دن کے آخر میں ان کو دیکھا کہ ان کی


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


ناک اور کان کٹے ہوئے ایک دھاگے میں لٹکے ہوئے تھے۔

یہ سنت سے ثابت فدائی شکل ہے۔ حملہ۔ پھر قتال۔ خوب زور و شور سے قتال پھر قربانی۔ و اما النصر و اما الشهادة پھر فتح یا شہادت۔ یہ ہے صحیح فدائی کارروائی۔

عبداللہ بن مبارک' انس بن مالک سے روایت کرتے ہیں:

« قَالَ مَرَرتُ يَوُمَ الُيَمَامَةِ بِثَابِتِ بُنِ قَيُسٍ وَهُوَ يَتَحَنَّطُ فَقُلُتُ: يَا عَمِّ اَلَا تَرى مَا يلقيِ الُمُسُلِمُوُنَ وَاَنُتَ هِنَا؟ فَتَبَسَّمَ ثُمَّ قَالَ الُآنَ يَا ابُنِ أَخِيُ فَلَبِسَ سَلَاحَهُ وَرَكِبَ حَتىّٰ اَتیَ الصَّفَّ ثُمَّ قَاتَلَ حَتىّٰ قُتِلَ »

عبداللہ بن مبارک رحمہ اللہ نے انس بن مالک رضی اللہ عنہ سے روایت کیا' کہتے ہیں کہ میں جنگ یمامہ کے دن ثابت بن قیس رضی اللہ عنہ کے پاس سے گزرا اور وہ حنوط لگا رہے تھے' میں نے کہا چچا' آپ اور یہاں۔ کیا آپ دیکھتے نہیں کہ مسلمانوں پر آج کتنا مشکل وقت ہے؟ تو ثابت رضی اللہ عنہ مسکرائے' کہنے لگے۔ بھتیجے ابھی اور اسی وقت۔ یہ کہ کر اپنا اسلحہ پہنا' گھوڑے پر سوار ہوئے۔ دشمن کی صف کے پاس گئے اور اس سے قتال کیا' لڑائی کی' حملہ کیا' لڑتے ہی رہے۔ حتیٰ کہ شہید ہوگئے۔ حنوط وہ خوشبو ہے جو میت پر لگائی جاتی ہے۔ گویا


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



تیاری شہادت اور قربانی دینے کی مگر شکل وہی کہ ہتھیار بند ہوئے' گھوڑے پر سوار ہوئے پھر حملہ کر دیا۔ دشمن کی صفوں میں گھسے اور شیروں کی طرح صف کو چیرتے ہوئے دشمن کے ہاتھوں دشمن کے وار سے قتل ہو گئے۔ یہ صحابہ کرام کی فدائی کارروائیاں ہیں۔ جان فدا کرنے کا ذہن' قتال کا عمل اور دشمن کے وار سے خاتمہ بالشہادۃ

غزوہ احد کے آخر میں رسول اللہ ﷺ نے حضرت زید بن حارثہ رضی اللہ عنہ سے فرمایا کہ جاؤ ! سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کو کہیں زخمیوں میں تلاش کرو اگر وہ دکھائی دیں تو ان کو میرا اسلام کہنا اور ساتھ ہی کہنا کہ میں نے ان کی خبر پوچھی ہے؟ زید بن حارثہ بیان کرتے ہیں کہ میں نے ان کی تلاش شروع کر دی اور ان کو ڈھونڈ لیا۔ سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ کے جسم پر ستر کے قریب زخم تھے اور وہ آخرت کی تیاریوں میں تھے میں نے رسول اللہ ﷺ کا سلام اور پیغام ان کو پہنچایا۔

سعد بن ربیع رضی اللہ عنہ نے فرمایا کہ رسول اللہ ﷺ پر اور تم پر سلام۔ آپ سے میرا یہ پیغام عرض کرنا کہ میں جنت کی خوشبو پا رہا ہوں اور یہ بھی عرض کرنا کہ اللہ تعالیٰ آپ کو ہماری اور تمام امت کی طرف سے جزائے خیر عطا فرمائے اور میری قوم انصار سے یہ کہنا کہ جب تک تمہارے بدن میں جان ہے اگر تمہاری زندگی اور موجودگی میں رسول اللہ ﷺ کو کوئی تکلیف پہنچی تو



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


اللہ کے ہاں تمہارا کوئی عذر قبول نہ ہوگا ابھی یہ فرما ہی رہے تھے کہ روح جسم سے پرواز کر گئی۔

[ مستدرك حاكم ٣/ ٢٠١، امام حاکم اور ذہبی نے اسے صحیح کہا]

(( عَنْ أَنَسِ بْنِ مَالِكٍ رَضِيَ اللّٰهُ عَنْهُ قَالَ انْطَلَقَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ وَأَصْحَابُهٗ حَتّٰى سَبَقُوا الْمُشْرِكِيْنَ اِلٰى بَدْرٍ وَجَاءَ الْمُشْرِكُوْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ لَا يُقَدِّمَنَّ أَحَدٌ مِنْكُمْ اِلٰى شَيْءٍ حَتّٰى أَكُوْنَ اَنَا دُوْنَهٗ فَدَنَا الْمُشْرِكُوْنَ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ ﷺ: قُوْمُوْا اِلٰى جَنَّةٍ أَرْضُهَا السَّمٰوٰاتُ وَالْأَرْضُ قَالَ: يَقُوْلُ عُمَيْرُ بْنُ الْحُمَامِ الْأَنْصَارِيُّ: يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ! جَنَّةٌ عَرْضُهَا السَّمٰوٰاتُ وَالْأَرْضُ؟ قَالَ: نَعَمْ، قَالَ بَخٍ بَخٍ فَقَالَ رَسُوْلُ اللّٰهِ مَا يَحْمِلُكَ عَلَى قَوْلِكَ بَخٍ بَخٍ؟ قَالَ لَا وَاللّٰهِ يَا رَسُوْلَ اللّٰهِ ﷺ اِلَّا رَجَاءَةَ أَنْ أَكُوْنَ مِنْ أَهْلِهَا قَالَ فَاِنَّكَ مِنْ أَهْلِهَا فَأَخْرَجَ تَمَرَاتٍ مِّنْ قَرَنِهٖ فَجَعَلَ يَأْكُلُ مِنْهُنَّ ثُمَّ قَالَ لَئِنْ أَنَا حَيِيْتُ حَتّٰى اٰكُلَ تَمَرَاتِيْ هٰذِهٖ اِنَّهَا لَحَيٰوةٌ طَوِيْلَةٌ قَالَ فَرَمٰى بِمَا كَانَ


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



مَعَهُ مِنَ التَّمرِ ثُمَّ قَاتَلَهُمُ حَتّٰى قُتِلَ ))

[ مسلم، کتاب الامارة، باب ثبوت الجنة للشهيد ]

حضرت انس رضی اللہ عنہ روایت کرتے ہیں کہ رسول اللہ ﷺ اور آپ کے صحابہ کرام رضی اللہ عنہم میدان بدر کی طرف چلے یہاں تک کہ مشرکین سے پہلے ہی وہاں پہنچ گئے اور مشرک بھی آ گئے۔ آپ نے فرمایا: ”جب تک میں آگے نہ بڑھوں تم میں سے کوئی شخص کسی چیز کی طرف آگے نہ بڑھے۔“ جب مشرکین نزدیک آ گئے تو رسول اللہ ﷺ نے فرمایا: ”اس جنت کی طرف لپکو جس کی پہنائیاں آسمانوں اور زمین کے برابر ہیں۔“ (آپ کی یہ بات سن کر) عمیر بن حمام رضی اللہ عنہ نے کہا بہت خوب بہت خوب! رسول اللہ ﷺ نے فرمایا تم بہت خوب، بہت خوب کیوں کہہ رہے ہو؟ انہوں نے کہا اللہ کی قسم! اے اللہ کے رسول ﷺ! کوئی بات نہیں سوائے اس کے کہ مجھے توقع ہے میں بھی اس جنت والوں میں سے ہوں گا آپ نے فرمایا تم بھی اسی جنت والوں میں سے ہو۔ اس کے بعد وہ اپنے توشہ دان سے کچھ کھجوریں نکال کر کھانے لگے پھر بولے اگر میں اتنی دیر تک زندہ رہا کہ اپنی یہ کھجوریں کھالوں تو یہ زندگی لمبی ہو جائے گی چنانچہ ان کے پاس



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com



جو کھجوریں تھیں انہیں پھینک دیا۔ پھر مشرکین سے لڑتے ہوئے شہید ہو گئے۔

یرموک کا میدان سجا۔ امین الامت ابوعبیدہ بن الجراح رضی اللہ عنہ امیر لشکر ہیں، رومیوں کی صفیں اور مسلمانوں کی جماعت آمنے سامنے، فدائی خون نے جوش مارا۔ ایک آدمی اٹھا۔ ابوعبیدہ رضی اللہ عنہ سے کہنے لگا، میں نے فیصلہ کیا ہے کہ میں ان پر شدید حملہ کروں۔ آپ کو اپنے نبی صلی اللہ علیہ وسلم سے کچھ کہنا ہے:

إِمَّا النَّصُرُ وَإِمَّا الشَّهَادَةُ ابوعبیدہ نے کہا کہ میرا اسلام کہنا اور کہنا کہ ہم نے اللہ کے وعدوں کو پورا ہوتا دیکھ لیا ہے۔

یہ تو مثالیں ہیں ان واقعات کی کہ جن میں فدائی عمل کی شکل اور طریقہ کو صحابہ کرام کے معمول سے واضح کیا ہے۔

یہ بھی واضح کرنا ضروری ہے کہ فدائی کارروائی یا عمل میں موت ہی ضروری نہیں ہے۔ صحابہ کرام کے دور میں ایسی بھی بے شمار مثالیں ہیں جن میں فدائی کارروائی ہے۔ شکل قتال اور شدید قتال ہے۔ ایک ایک آدمی کا ہزاروں کی تعداد والے دشمن پر حملہ ہے اور فدائی صحیح سلامت محفوظ رہے ہیں۔ سیدنا خالد بن الولید، قعقاع بن عمرو، ضرار بن الازور، مثنی بن حارثہ، زبیر بن العوام، سلمۃ بن الاکوع، محمد بن مسلمہ، عبداللہ بن عتیک اور عبداللہ بن انیس رضی اللہ عنہم وغیرہ یہ سب وہ صحابہ ہیں جو بار بار فدائی کارروائی کرتے



محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


تھے۔ لشکروں کے لشکر ادھیڑ کر رکھ دیتے تھے مگر اللہ تعالی نے ہمیشہ ان کو بار بار مواقع دیئے اور ان کی حفاظت فرمائی۔ قعقاع تو سیدنا ابوبکر رضی اللہ عنہ کی نگاہ میں ایک ہزار کی جگہ پر تھے۔ اسی طرح زبیر بن العوام نے وار کیا تو خود سمیت زین تک دشمن کو دو حصوں میں کاٹ دیا۔ کسی نے کہا کہ سبحان اللہ کیا کمال تلوار ہے' کہنے لگے کہ بازو کا بھی تو کمال ہے جس کو اللہ نے اس قدر قوت عطا کی ہے۔

فدائی کارروائی خودکشی کارروائی نہیں ہوتی کہ اپنے آپ کو مار لے۔ یہ تو جنگ وقتال کا ایک انداز ہے۔ آج ہم دیکھتے ہیں کہ لشکر طیبہ کے جوان فدائی کارروائی کرتے ہیں تو الحمد للہ کتنے ہی عافیت کے ساتھ بچ کر آتے ہیں۔ سری نگر ۱۵ کور بادامی باغ کی کارروائی میں اتنی شدید جنگ اور دلیرانہ حملہ کے باوجود چار میں سے تین فدائی محفوظ رہے۔

سری نگر ایئرپورٹ کے واقعہ میں صلاح الدین بھائی جو مجموعہ کا امیر بھی تھا' لڑتے مارتے زندہ سلامت بچ نکلنے میں کامیاب ہوا۔

دہلی کے لال قلعہ والے فدائی حملہ میں دونوں جوان زندہ سلامت محفوظ رہے اور واپس آئے۔ بلکہ ایک محتاط تجزیہ کے مطابق فدائی کارروائیوں میں ہمارے نوجوانوں نے دشمن کا نقصان بھی زیادہ کیا ہے اور زندہ بچ نکلنے میں کامیابی بھی زیادہ ہوئی ہے۔


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ

www.kitabosunnat.com


مسلمان فدائی اور خودکش ذہن میں بنیادی فرق ہے حالات کیسے ہی Crutial کیوں نہ ہوں‘صورتحال کتنی ہی گھمبیر کیوں نہ ہوجائے‘ مسلم فدائی یہ چاہے گا کہ وہ کافر مشرک کے وار سے مارا جائے۔ اسے کافر قتل کرے‘ اس پر وار کرے۔ اس کے ٹکڑے ٹکڑے ہوجائیں مگر اس کا قاتل اللہ کا دشمن ہوتا کہ وہ اللہ کے سامنے کہہ سکے کہ اے اللہ دیکھ میں تیرے دین کی سربلندی کے لئے تیرے نام کے لئے تیرے دشمن کے ہاتھوں کس کس طرح سے قربان ہوا ہوں۔ کس طرح سے قتل ہوا ہوں۔ فَيَقْتُلُوْنَ وَيُقْتَلُوْنَ کا مصداق ہو۔

اللہ تعالیٰ جہاد وقتال والی زندگی اور شہادت والی موت عطا فرمائے۔

آمین ثم آمین!


محکم دلائل وبراہین سے مزین متنوع ومنفرد موضوعات پر مشتمل مفت آن لائن مکتبہ



4-lake Road Chuburji Lahore Ph & Fax: 91-42-7230549 دار الاندلس